Mr. Mir Noor Hussain admits in his statement that Tippu Sultan is a martyr and that his designs were not imperialist, but in the same breath he says that his was not a Muslim State. Muslims honour Tippu Sultan, not as a person but as an institution representative of Muslims; and to say that he was not, would be to vilify history and injure the feelings of Muslims; for, if we accept the analysis of Mr. Hussain it means that Tippu Sultan was an autocrat and imperialist which would render him ~~unqu~~ unqualified to the claim of being a Mussalman. I cannot understand why Mr. Hussain is feeling ashamed of the idea of a Muslim State; unless, even though he calls himself a Muslim, he too is labouring under the delusion created by 150 years of malicious propaganda that a Muslim State means oppression of all non-Muslims and forced conversions and a high-handed autocracy managing the affairs of the State to suit the personal ends of an individual. I would advise him to make a closer study of Islam and I am sure that, if he does, he would proudly proclaim to the world that t that the cure to all ills of the present day world lies in the enforcement of a world constitution based strictly on the tenets of Islam.

This life-inspiring movement, started after very careful consideration and on sound reliable advice, will be carried on by the Y.M.C. to a successful conclusion in a very peaceful and constitutional manner. I appeal to the Mysore Muslims not to get excited, to exercise extreme calmness and to give a most thoughtful consideration to the issue involved.

SD/- Syed Najiullah.

Camp, 'SHAMSIA'
Shanchalguda,
Bhad Deccan.

For favour of publication in the Viswakarnataka.
SD/- Syed Najiullah

Prabha తే: 29.4.46

టిప్పు వారసుడు!

మైసూరు సింహాసనం తనకు చెందాలని వాదన

న్యూఢిల్లీ, ఏప్రిల్ 25—

తాను టిప్పు సుల్తాన్ వారసుడనని చెప్పుకుంటూ హైదరాబాదునుంచి ఒక వ్యక్తి ఇక్కడికి వచ్చాడు. మైసూరు సింహాసనంపై తనకు అధికారం వున్నదని బ్రిటిష్ అమాత్య రాయబారవర్గానికి చెప్పుకోడానికై ఆయన ఇక్కడికి వచ్చాడు.

శ్రీరంగపట్నం యుద్ధంలో మరణించిన టిప్పు సుల్తాన్‌కే మైసూరు సంస్థానం చెందివున్నదని నిరూపించడానికై ఈయన ఒక సమగ్రనివేదిక తయారుచేస్తున్నాడు.

ఆ రోజులలో మైసూరు దివాన్‌తో బ్రిటిష్ ప్రభుత్వం సంధిచేసుకొన్నదని అంచేత అది చెల్లదని, వారసత్వపు హక్కుల ప్రకారం మైసూరు సింహాసనం తనకు సంక్రమించాలని ఈయన వాదం. (యు. పి. ఐ.)

116

پیغامبر انقلاب "حضرت موسیٰ"

ہندوستانی نوجوانوں کے لیے درس آزادی۔
"اگر اللہ کا نام لے کر کمزور غلام قوم اٹھ کھڑی ہو تو بڑی سے بڑی قوم جس کے ذرائع لامحدود ہی کیوں نہ ہوں، جس کی سرزمین پر چاہے چوبیس گھنٹے سورج نہ ڈوبتا ہو، نیچا دکھا سکتی ہے۔"

قیمت ۲/

قائد ملت بہادر یار جنگ بہادر شہید کے

وہ مکاتیب جو انھوں نے بلاد اسلامیہ سے لکھے تھے چھپ کر تیار ہیں۔
ان مکاتیب میں بلاد اسلامیہ کے سماجی سیاسی اور معاشی تفصیلات کے علاوہ وہاں کی شخصیتوں پر بھی اچھا تبصرہ ہے۔ قائد ملت کا دلچسپ انداز تحریر اور ان کا گہرا مطالعہ ان مکاتیب میں بہت زیادہ نمایاں ہے۔

ادارۂ اشاعت۔ مدرسہ شمسیہ چنچل گوڑہ۔ حیدرآباد

کی حفاظت کمزور اور لقوہ زدہ ہاتھوں سے ممکن نہیں۔ حق کی حفاظت کے لیے آہنی کاندھوں اور فولادی دست و بازو کی ضرورت ہوتی ہے۔

حرب کا وقت آن پہنچا ہے آخری تکبیر کی آواز فضائے بسیط میں تھرتھرا رہی ہے۔ اٹھ میرے خوابیدہ چشم اور خوابیدہ بخت دوست اٹھ! اگر تیرے خون میں اب بھی گرمی باقی ہے اور تجھے اپنی زندگی کا ثبوت دینا ہے تو اس آواز پر لبیک کہہ اور کفر و الحاد کی ساری طاقتوں کو للکار کر کہہ دے (الملک للہ)

تو مردوں کی طرح نہ کر سکا اس پر عورتوں کی طرح آنسو بہانے سے کیا حاصل۔

تو ماتم کرتا ہے کہ ٹیپو سلطان جیسا سرفروش مارا گیا۔ کوئی افسوس نہیں، وہ حق کی حفاظت کرتا ہوا شہید ہوا اور اس کی شہادت تیرے لیے سرمایۂ صد رشک و انبساط ہے۔

تو شکوہ سنج ہے کہ ہندوستان لٹ گیا، اجڑ گیا، پامال ہو گیا۔ تاراج ہو گیا — کوئی فکر نہیں۔ شاید اس خزاں کے بعد پھر بہار آجائے ان میں سے کوئی چیز رنج و غم کے لائق نہیں مگر ہاں! تجھے رونا چاہیے اپنی اس کوتاہی پر کہ حق کی امانت تیرے ہاتھوں سے گم ہو چکی ہے۔ اس کور چشمی پر کہ تو نظارۂ غیر کو گوارا کر رہا ہے اور سب سے بڑھ کر نقطۂ فکر کی اس کجی پر کہ تو اپنی خوئے غلامی میں پختہ ہو چکا ہے، تجھے اپنے نقصان کا احساس نہیں رہا اور تو اپنی موجودہ حالت پر قانع بھی ہے اور مسرور بھی۔ ٹیپو نے موت کی تمنا کی — حیات جاوید پائی۔ تو موت سے ڈر گیا — ذلت و نامرادی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے۔ اگر تو اپنے حق آزادی کو واقعی حق تصور کرتا ہے تو یہ بھی سمجھ لے کہ حق

جب ٹیپو سلطان کی لاش جنرل ہارس کے سامنے لائی گئی تو اس نے فرطِ مسرت سے نعرہ لگایا تھا "اب ہندوستان ہمارا ہو گیا"۔ ہارس کا یہ دعویٰ بے دلیل نہ تھا ہندوستان کی نجات کے راستے میں ٹیپو سلطان کی کیا اہمیت تھی اس کا اندازہ ہارس کے اس جملے سے لگایا جا سکتا ہے۔

آہ! بدقسمت ہندوستان میں روز آنہ سورج طلوع ہوتا ہے اور کبھی صبح نہیں ہوتی۔ اس کی ہر رات ایک دوسری تاریک تر رات کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔ آج خراب آباد ہندوستان کی آنکھوں سے اکتساب نور کی صلاحیت ہی چھن گئی ہے اس کے خون کی گرمی سرد ہو چکی ہے۔ نبضیں ساقط ہو گئی ہیں اور روحِ آزادی ہمیشہ ہمیشہ کیلئے داغِ مفارقت دیئے رخصت ہے۔

مادرِ ہند کے ہونہار فرزند اپنے اس خوبچکاں انجام کو دیکھ کر تو رو رہا ہے؟ نہ رو! نہ رو! غلاموں کے خون کی طرح غلاموں کی بے غیرت آنکھوں سے نکلے ہوئے آنسوؤں کی بھی کوئی قیمت نہیں ہوتی۔ جس حق کی حفاظت

گرفتار کیا گیا۔ شاہی محل کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی
اور جو جس کے ہاتھ آیا لے بھاگا۔

چشم ہندوستان نے اس سے زیادہ دردناک منظر کبھی
نہیں دیکھا۔ شاہراہوں پر لاشوں کے پشتے لگے ہوئے ہیں
بے بس زخمیوں کی کراہنے بیواؤں کے سر پیٹ پیٹ کر ماتم
کرنے اور یتیموں کی بلک بلک کر رونے کی آواز دلوں کے
ٹکڑے اُڑا دے رہی ہے راستوں پر خون کی کیچڑ جم گئی ہے
آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کر رہے ہیں۔ آگ سے بچنے
کے لیے بے بس عورتیں مکانات سے باہر آتی ہیں تو لٹیروں
کی نفس پرستی کا شکار ہوتی ہیں۔ اسی محشر کے عالم میں جب
سوگوار صبح نمودار ہوئی تو معلوم ہوا کہ اس رات بارہ ہزار
افراد موت کے گھاٹ اتار دیے گئے۔ یہ ہمارا و تمہارا غیر ذمہ دارانہ
بیان نہیں بلکہ محاصرہ سرنگاپٹم کے سب سے بڑے ذمہ دار
فرد کرنل ولزلی کا ہے جس نے آگے چل کر خود اعتراف کیا
ہے کہ "ہمارے کی شب میں سرنگاپٹم پر جو مصیبت آئی اس
کی نظیر نہیں مل سکتی شہر میں مشکل ہی سے کوئی مکان لوٹ مار
سے بچا ہوگا۔"

ہر رگی کا اعلان کیا جا رہا تھا۔ ہندوستان نے آخری بلیر
کی آواز سنی اور پھر فضا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گئی۔

ہندوستان کے شیر آزادی نے آخری ہچکی لی اور سرد
ہو گیا۔ چمنستان آرزو تاراج ہو گیا۔ احساسات کا آتش کدہ
بجھ گیا دست صف شکن بے زور ہو گیا۔ تلوار کند ہو گئی علم
سرنگوں ہو گیا۔ اور آخری مجاہد کا آخری نعرہ تکبیر سر ذرہ کائنات
کو لرزہ بر اندام کرتا ہوا ابدی تاریکیوں اور خلاؤں میں
ڈوب گیا۔

اس کے بعد کیا ہوا؟ وہ سب کچھ جس کی کلائیو اور
وارن ہیسٹنگز کی قوم سے کم سے کم توقع کی جا سکتی تھی۔ ادھر
سلطان کی لاش محل میں لائی گئی اور ادھر انگریزی فوج
نے سارے شہر میں لوٹ مار، قتل اور غارت گری کا بازار
گرم کر دیا چاندنی رات تھی، چاروں طرف گھٹا ٹوپ اندھیرا
چھپایا ہوا تھا۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے مکانات میں
آگ لگا دی گئی۔ سرنگا پٹم کے پر امن باشندوں کو بیدردی
سے قتل کیا گیا۔ ان کی دولت کو لوٹا گیا۔ عورتوں کی
عصمت برباد کر ڈالے گئے۔ شاہی خاندان کے افراد کو

مادرِ وطن کا ہر سرفروش پچاسوں کیا ہزاروں پر بھاری ہے۔ اس کے عزائم ناقابلِ تسخیر ہیں اور اس کی ہر ضرب دشمنوں کے لیے پیغامِ اجل۔

سلطان مسلسل چھ گھنٹوں سے تلوار چلا رہا ہے۔ اب تک تین گولیاں جسم میں پیوست ہو چکی ہیں۔ گرمی کی شدت سے تن بدن میں آگ لگی ہوئی ہے۔ دشمنوں کا ریلا بڑھتا اور امنڈتا آ رہا ہے۔ آفتابِ آزادی غلامیوں کی بدلیوں میں چھپنے کو ہے۔ ایک ایک کر کے نصف سے زیادہ فدائی قربان ہو چکے ہیں۔ موت کا سرد ہاتھ سلطان کے حلقوم کے نزدیک پہنچ چکا ہے لیکن وہ بلا خوف و ہراس ناموسِ وطن کی حفاظت میں مصروف ہے۔ ہر ضرب پہلی سے زیادہ بے پناہ اور ہر ہاتھ پہلے سے زیادہ مہلک ثابت ہو رہا ہے۔ یکایک ایک گولی ٹھیک قلب کے مقام پر لگتی ہے اور مجاہدِ اعظم بطلِ حریت شیرِ میسان آزادی ابوالفتح ٹیپو سلطان شہادت کے جام کو اپنے ہونٹوں سے لگا لیتا ہے۔ اور ہمیشہ کے لیے زندگیٔ جاوید حاصل کر لیتا ہے۔

عین اس وقت لہجب مسجدوں سے اللہ کی عظمت

ان مٹھی بھر آدمیوں نے دشمن کی صفوں پر چڑھ کر ضرب لگائی۔ دست بدست لڑائی شروع ہوئی۔ سرفروش مجاہد کی تلوار دشمنوں کے سروں پر برقِ بلا بن کر چمکی۔ اور جس طرف سے گذری کشتوں کے پشتے لگا دیے۔

دشمن کو سلطان کی موجودگی کا علم ہو چکا تھا۔ اس لیے وہ بڑی بے جگری سے حملہ کر رہے تھے ادھر ان مٹھی بھر جاں نثاروں نے جان کی بازی لگا دی تھی۔ بڑے گھمسان کا رن پڑا۔ تاریخ نے شاید اس سے زیادہ شدید معرکہ کارزار بھی نہ دیکھا ہوگا۔

اللہ اللہ ادھر کفر کے جندخ پرست قبلۂ شہادت

لوریب من کرنے کے لیے بیتاب ہو ہو کر تیغ زنی کر رہے ہیں اور ادھر باطل پرستوں کا لشکر جرار ان کی قوت دست بازو کے آگے تھرا رہا ہے نشہ قربانی سے مخمور فدائی آگے بڑھتا ہے تو دشمن کی صفوں میں برہمی پھیل جاتی ہے اس کے نعرہ تکبیر سے دشمنوں کا زہرہ پانی پانی ہوا جاتا ہے ادھر موت کی تمنا ہے اس طرف موت کا ڈر۔ ادھر ابدی عزت و افتخار کا یقین ہے اور اس طرف ابدی ذلت و پھٹکار کا۔

کائنات ابدی تاریکیوں میں ہمیشہ کے لیے ڈوب جاتی۔ مگر اہ
مقدر کے لکھے کو کون مٹا سکتا تھا وہ سب کچھ ہو کر رہا کہ جس
کو کبھی نہ ہونا چاہیے تھا مورچوں کے معائنہ کے بعد سلطان ایک
بجے واپس ہوا۔ پورنیا نے موقعہ پاتے ہی جنوبی فصیل کی محافظ
فوج کو تنخواہ کی تقسیم کے بہانے طلب کر کے انگریزوں کو اشارہ
کر دیا۔ میر قاسم کی رہبری میں جنرل بیرڈ اپنی فوج سمیت جنوبی
فصیل پر چڑھ آیا۔ ابھی سلطان نے پہلا لقمہ بھی نہ توڑا تھا کہ
حملے کی خبر آئی۔ غم و غصے سے آنکھوں میں خون اتر آیا آہن گداز
نظروں سے وزراء کی جانب دیکھا اور حسرت آمیز لہجے میں صرف
اس قدر کہا کہ تمھیں اس سازش کا نتیجہ اس وقت معلوم ہوگا
جب تمھاری نسلیں اس ملک میں چاول کے ایک ایک
دانے کے لیے بھیک مانگتی پھریں گی تلوار ہاتھ میں لی اور
ناموس وطن کی حفاظت کے لیے آخری بار میدان میں اتر آیا
ابھی دلی دروازے تک بھی نہ پہنچا تھا کہ انگریزی فوج سے مقابلہ
ہو گیا بعضوں نے تین سمتوں سے سلطان کو گھیر لیا اور گولیوں
کی بارش شروع کر دی سلطان پیچھے ہٹتا جا رہا۔ میر صادق نے
دروازہ بند کر دیا۔ آزادی اور حق کی حفاظت کرنے والے

شایانِ ہمت شاہانہ نہ تھا۔

وہ اپنی موت سے نہ ڈرتا تھا۔ ناموسِ وطن اور ناموسِ حرم کی رسوائی سے خائف تھا۔ ناموسِ وطن کی حفاظت کے لیے اس نے اپنی جان کی بازی لگادی تھی اور ناموسِ حرم کے تحفظ کے لیے شاہی محلات کے گرد خندق میں بارود بھرادی تھی کہ بوقتِ ضرورت اسے آگ دکھادی جائے۔

مدافعتی استحکامات ابھی مکمل نہ ہوئے تھے لیکن دنی فطرت وزراء اور دشمن کے درمیان سازشیں پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی تھیں۔ حملے سے دو دن قبل جنرل بیرڈ سازشیوں کی مدد سے رات کے وقت قلعے میں داخل ہوکر سلطان کے تمام مورچوں کا معائنہ کرچکا تھا اور غداروں سے حملے کی تاریخ، وقت، راستوں اور طریقوں کے متعلق تصفیہ کرچکا ہے۔

۴ مئی ۱۷۹۹ء کی صبح طلوع ہوئی۔ وہ منحوس اور نامسعود صبح جب ہندوستان کی آزادی کا آفتاب ہمیشہ ہمیشہ کے لیے غروب ہوگیا۔ کاش کہ یہ صبح کبھی طلوع نہ ہوتی۔ سورج راستہ بدل دیتا۔ نظامِ شمسی میں برہمی پھیل جاتی سیارے ایک دوسرے سے ٹکرا جاتے۔ سورج ریزہ ریزہ ہوکر ٹھنڈا ہوجاتا اور ساری

بھنچ گئیں۔ اب سلطان کی آنکھیں کھلیں۔ بے پناہ غیظ و غضب کے عالم میں نکلا سدا سیر کے مقام پر دشمنوں پر کاری ضرب لگائی مگر آہ اب! اب کیا ہو سکتا تھا۔ سلطان کا آفتاب اقبال غروب ہو چکا تھا۔ اس گھر کو گھر ہی کے چراغ سے آگ لگ چکی تھی عین اس وقت جب حریف کے قدم اکھڑنے والے تھے پورنیا اور میر معین الدین نے سلطانی سپاہ کے ایک بڑے حصے کو انگریزی توپ خانے کے سامنے لا کھڑا کیا ہزاروں بہادر سپاہی جانثاری کی تمنا لیے ہوئے مٹیوں میں پامال ہو گئے۔ نقشہ جنگ بدل گیا۔ سلطان کے لیے بجز محصور ہونے کے کوئی چارہ نہ تھا۔

قلعے کے باہر دشمنوں کی تمام فوجیں مجتمع ہو چکی ہیں اور قلعے کے اندر غداروں نے چپہ چپہ پر سازشوں کا جال بچھا رکھا ہے سلطان سخت تذبذب اور بے بسی کے عالم میں ہے اپنے بیگانے ہو چکے ہیں ساری دنیا بغاوت اور عناد پر کمر بستہ نظر آ رہی ہے ہاں! صلح کر کے جان بچائی جا سکتی ہے مگر آزادی اور عزت نہیں بے غیرت زندگی سے غیرت و ایمان موت بدرجہا بہتر ہے۔ دشمن سے جان بخشی کی بھیک مانگنا

غیر ملکی نما صاحب کو یہ حق تھا کہ وہ ٹیپو سلطان کے خلاف اندرون ملک کی تمام قوتوں کی امداد لے تو ٹیپو سلطان کو یہ حق کیوں نہ تھا کہ وہ اپنے وطن کی مدافعت اور حفاظت کے لیے اوروں کو آواز دے۔

ٹیپو سلطان ایک آزاد حکمران تھا اور اپنی خارجی پالیسی پر آزادانہ اختیار رکھتا تھا۔ ویلزلی کس منہ سے سلطان کے اس طرز عمل کی شکایت کر سکتا ہے جب کہ خود اس کا نامہ اعمال بدعہدی کے بدنما داغوں سے سیاہ ہو چکا ہے۔ سرنگا پٹم کی جانب دشمن کی اتحادی فوجیں مسلسل پیش قدمی کر رہی ہیں محاصرہ تنگ سے تنگ تر ہوتا چلا جا رہا ہے سازشیں ترقی کر رہی ہیں۔ میر صادق پورنیا، راجہ خاں، میر معین الدین اور میر غلام علی جیسے نمک حرام امرا متواتر غداریاں کر رہے ہیں سلطنت خداداد کی تباہی کا وقت قریب سے قریب تر آ رہا ہے اور یہاں معصوم فطرت اور نیک نفس سلطان انگریزوں کے گزشتہ معاہدات و حالیہ مراسلات پر اعتماد کیے ہوئے مطمئن بیٹھا ہے وزرا اسے حقیقت حال سے لاعلم رکھنے کی پوری پوری کوشش کر رہے ہیں کہ جنرل اسٹورٹ کی فوجیں سرنگا پٹم کی دیواروں تک

خلفشار سے پریشان خاطر ہو کر نہایت ابتری کی حالت میں مصر چھوڑ کر بھاگا اور اس کی فوجوں کو ہندوستانی سے اجل دیکھنا کبھی نصیب نہ ہوا۔

اس عظیم ترین خطرے کے دور ہوتے ہی ولزلی نے کروڑوں پر نظر ڈالی نظام الملک کو اس احتمال سے کہ وہ ٹیپو سلطان کے مقابلے میں اسلامی دوستی نہ کر بیٹھے سب سی ڈیاری سسٹم کے تحت پہلے ہی بے دست و پا کیا جا چکا تھا۔ دربار پونا میں بڑی چابکدستی سے پھوٹ ڈالی جا چکی تھی اور مرہٹوں کا غیر جانبدار رہنا یقینی تھا۔ راجہ میسور کو یقین دلایا جا چکا تھا کہ ٹیپو سلطان کے استیصال کے بعد ان کا کھویا ہوا اقتدار انھیں واپس مل جائے گا۔ مجاہد اعظم میدان جنگ میں تنہا تھا۔ ولزلی کی آنکھیں خوشی سے چمک اٹھیں۔ آج لارڈ کارنوالس کے بوئے ہوئے سازش و دغا کے بیج لارڈ ولزلی کی آبیاری سے برگ و ثمر لا چکے تھے۔

ولزلی کے مفسدہ پرداز دماغ نے تاجدار سلطنت خداداد کے خلاف یہ الزام تراشا کہ اس نے خارجی حکومتوں سے امداد حاصل کرنے کی کوشش کیوں کی؟ اگر ولزلی جیسے

اب فن جعلسازی کا بادشاہ لارڈ ولزلی ہندوستان
کا گورنر جنرل بن چکا تھا۔ اور اس کے بھائی کرنل ولزلی
کو فوجوں کی کمان دیدی گئی تھی۔ گورنر جنرل ان حالات
سے بخوبی واقف تھا۔ اس کی زنبیل میں ہندوستان
کو پابا زنجیر کرنے کے لیے مکر و فریب کے بہت سے جال
موجود تھے۔ مہدی علی مراد آبادی کو آلۂ کار بنا کر ایران
بھیجا گیا جس نے بڑے شاطرانہ طریق سے ایران و
افغانستان کے درمیان جماعتی اختلاف کی آگ بھڑکا دی
ملک و ملت کا مفاد بھاڑ میں جائے دو لاکھ دس ہزار کی
رقم ایسی تھوڑی نہ تھی کہ جسے نظر انداز کیا جا سکتا۔ زمان
شاہ اپنی فوجوں سمیت لاہور تک پہنچ چکا تھا کہ ایرانی
فوجیں افغانستان پر حملہ آور ہوئیں اس جرم کی پاداش
میں کورنیتم محمود نے شاہ زمان کو مصارت سے محروم کر دیا
جب یہ تدبیر بھی کارگر نہ ہوئی تو سلطان نے فرانس کے
دروازے پر دستک دی۔ ہوشمند نپولین بونا پارٹ ان
دنوں قاہرہ میں مقیم تھا اس نے تجویز کا خیر مقدم کیا مگر
محکمۂ قضا و قدر کو کچھ اور منظور تھا۔ نپولین فرانس کے اندرونی

آزادی ہند کا مسئلہ ایک اجتماعی مسئلہ تھا اور اس کے حصول کے لیے ہر ہندوستانی کو جدوجہد کرنا تھا۔ ٹیپو سلطان کی فتح ٹیپو سلطان ہی کی فتح کہلاتی یہ دشمنان ہند کے مقابلے میں ہندوستان کی فتح نہ کہلاتی۔ اس لیے سلطان نے تمام ہندوستانی حکمرانوں کو اس اجتماعی فرض کو پورا کرنے کی غرض سے سفارتیں بھیجیں۔ ہندوستان پنبہ در گوش تھا۔ مفلوج شہنشاہ مغلیہ اس کی مدد نہ کر سکتا تھا کوتاہ اندیش نظام الملک اور مرہٹے عمداً تجاہل برت رہے تھے۔ ٹیپو کی آواز صدا بصحرا ہو کر رہ گئی۔ ابنائے وطن کی حوصلہ شکن طرز عمل کو دیکھ کر اس نے سلاطین ایشیا کے دروازے کھٹکھٹائے۔ سلطان ترکی کے پاس ایک سفارت روانہ کی۔ جو بے نیل و مرام واپس آئی۔ سلطان ترکی نے اپنے ہم مذہب بھائی کو فرانس دشمنی کی قربان گاہ پر چڑھا دیا اور اسے مشورہ دیا کہ وہ خود ترکی کی طرح انگریزوں کی کفش برداری کرے۔ ادھر سے ناامید ہو کر اس نے شاہ زماں درانی والی افغانستان اور شاہ ایران کو آواز دی۔

بلا ی احتجاج اور بلا کسی مطالبے کے عوام کو حکومت میں برابر کا شریک بنایا اور مروجہ سیاسی تخیل کے خلاف اپنے پیدائشی اور موروثی اختیارات حکمرانی میں کمی کر کے اپنے آپ کو محض آئینی تاجدار کی حیثیت سے باقی رکھا۔

اعتراض کیا جاتا ہے کہ اس نے باغیوں کو سزائیں دیکر اور اُن کے اقتدار کا خاتمہ کر کے اپنی راہ میں کانٹے بو لیے۔ کہدو کہ وہ ان خود غرض اور مطلب پرست تاجداروں میں سے نہ تھا کہ جو محض اپنی قوت حکومت کے استحکام کی فکر میں رہتے ہیں اس نے جو کچھ کیا عوام الناس کی فلاح و بہبود کے لیے کیا۔ جاگیردارانہ نظام کا قلع قمع کر کے اس نے کسانوں کے سب سے زیادہ مفلوک الحال اور تہی دست طبقہ کی وہ خدمت کی ہے جو صفحات تواریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گی۔ مزارعین کو جاگیرداروں کے ظلم و ستم سے نجات دلائی گئی۔ زمین پر ان کا دوامی قبضہ تسلیم کیا گیا۔ اراضیات مفت دیجانے لگیں۔ لگان معاف کیے گئے اور اس پرانے ناسور کا علاج کیا گیا جو آج بھی ہندوستانی کسانوں کی جانکنی کا باعث بنا ہوا ہے۔

اس لیے کارنوالس نے صلح کی شرائط پیش کیں اور یہ مطالبہ کیا کہ سلطان تین کروڑ روپیہ نقد ادا کرے۔ تین کروڑ کا ملک حریفوں کے حوالے کرے اور روپے کی ادائیگی تک دو شہزادوں بطور یرغمال کمپنی کے پاس رکھے سلطان ان شرائط کو قبول نہ کرتا لیکن مسلسل تجربوں کے بعد اسے علم ہو چکا تھا کہ اس کے تمام امرا و وزرا لالچ کا شکار ہو کر اس کے خلاف سازش میں شریک ہو چکے ہیں اس لیے اس نے مجبوراً شرائط پر دستخط کر دی۔

سلطان کو اس صلح کا بے انتہا ملال ہوا۔ وہ اسے اپنی شکست تصور کرتے میں حق بجانب تھا۔ چونکہ اب بیرونی مخالفتوں کا مقابلہ کرنے سے قبل اندرونی بیخ کنی کرنے والوں کا استیصال ضروری تھا۔ اس لیے جن عمال حکومت کی معاندانہ روش پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی تھی انھیں سخت سزائیں دی گئیں باغی پالیگاروں کی سرزنش کی گئی اور عوام کو حکومت میں حصہ لینے اور ان حالات سے کماحقہٗ واقفیت حاصل کرنے کے لیے پارلیمان "زمرہ غم نباشد" تشکیل دی گئی۔

مجلس وطنی کے قیام کے ذریعے اس نے بلا کسی انقلاب

کے متحدین کے ہاتھ لگ گئے۔ دشمن یقین کی فوجیں مسلسل ایک
دوسرے پر حملہ آور ہو رہی تھیں لیکن عین اسی وقت سلطان
کو اپنے دارالخلافہ میں بھی سازشوں کا علم ہوا اور اسے
بعجلت ممکنہ سرنگاپٹم کی جانب واپس پلٹنا پڑا۔ لارڈ کارنوالس
نے موقعہ کو غنیمت جان کر سرنگاپٹم کا محاصرہ کر لیا سلطانی
سپاہ نے سختی سے مدافعت کی اور لوٹ مار کے ذریعے اتحادی
افواج کی رسد بند کر دی۔ پیٹ کے غلام بغیر رسد کے کتنے
دن لڑ سکتے۔ جب نوبت فاقہ کشی کی آن پہنچی اور باربرداری
کے بیل تک کھا لیے گئے تو ناچار کارنوالس تاسف و افسوس
ملتا ہوا واپس پھرا۔ ابھی زیادہ دور نہ گیا تھا کہ پرسرام
بھاؤ کی سرکردگی میں کمک کے لیے مرہٹی افواج پہنچ گئیں ان
کے ساتھ رسد کا سامان بھی موجود تھا۔ چند دنوں آرام
کرنے کے بعد دوبارہ سرنگاپٹم کا محاصرہ ہوا اور انتہائی کوشش
کے باوجود قلعہ ناقابل تسخیر رہا۔ سلطانی افواج نے قلعے سے نکل کر
ایسے شدید حملے کیے کہ اتحادی فوجوں کے دانت کھٹے ہو گئے،
اور وہ مدد دل ہو کر واپسی کی تیاری کرنے لگیں۔ اس مہم
کا بھی وہی شرمناک انجام ہوا جو اس سے قبل ہو چکا تھا

بڑی مشکل سے میڈوز کو اپنی شکستہ حال فوج کو لے کر اپنی ناکامی اور نامرادی کی داستان سنانے کے لیے مدراس واپس جانے کا موقع مل سکا۔

مارے رنج و غصے کے کارنوالس پر خواب و خور حرام ہو گیا۔ اپنے دم خم پر سلطان کو نیچا دکھانا ناممکن تھا اس لیے پھر نظام الملک اور مرہٹے یاد آئے ان ناعاقبت اندیش خود غرضوں کو سلطان سے کیا ہمدردی ہو سکتی تھی۔ گذشتہ عہدنامہ کی سیاہی بھی خشک نہ ہوئی تھی کہ پھر ٹڈی دل فوج کے ساتھ انگریزوں سے جا ملے ابتدا میں اتحادی فوجوں کو کئی مقامات پر شکست فاش ہوئی۔ شیر دل سلطان دشمن کی کثرت اور قوت سے پریشان ہونا جانتا ہی نہ تھا۔ وہ ان سب کو تن تنہا بارہا نیچا دکھا چکا تھا مگر سادہ دل سلطان کے غم و غصہ کی انتہا نہ رہی جب اسے معلوم ہوا کہ دشمنوں نے قدم قدم پر سازشوں کا جال بچھا رکھا ہے اور چند دنی حقیر اور کمینہ حصلت کے لالچی کتے گھر کے اندر بیٹھ کر گھر کی بنیادوں کو کھودے ڈال رہے ہیں۔ بنگلور ۹۱ دیوں ہلی کے قلعے سازشوں ہی کی بدولت بلا کسی مقابلے

انگریزوں سے تیسری بار جنگ شروع ہوئی۔ گزشتہ جنگ کے دوران میں انگریز اپنے آپ کو اچھی طرح مستحکم کر چکے تھے۔ اور ۱۷۸۴ء کی شکست کا بدلہ لینے کے لیے مسلح اور کمربستہ تھے۔ سلطان کے خلاف لارڈ کارنوالس اور جنرل میڈوز نے سازشوں کے جال بچھا رکھے تھے۔ یہ جنگ کیوں ہوئی اس کا جواب صرف یہی دیا جا سکتا ہے کہ یہ خوئے بدرا بہانہ بسیار جب انگریز جنگ کے درپے تھے تو جنگ کیسے نہ ہوتی میڈوز کی فوجیں بلا کسی اعلان جنگ کے سلطنت خداداد پر حملہ آور ہوتی ہیں۔ کوئمبتور اور ستی منگل میں ان فوجوں کا قلع قمع کر دیا جاتا ہے جنگال سے کرنیل میکسویل امداد لے کر پہنچتا ہے اور وانمباڑی پر قابض ہو جاتا ہے۔ تیمور گھاٹ پر میڈوز کی بچی کھچی فوجیں بھی میکسویل سے جا ملتی ہیں۔ گھمسان کا رن پڑتا ہے سلطان کے کئی آزمودہ کار جنرلس کام آئے مگر سلطانی افواج اس بے جگری سے لڑیں اور وہ داد شجاعت دی اور اتنے نظم و ضبط کے ساتھ یا مردی سے دشمن کا مقابلہ کیا کہ شیخی باز انگریز بھی لوہا مان گئے اور انھیں بری طرح منہ کی کھانی پڑی۔ ان کے لیے عرصہ حیات تنگ ہو چکا تھا

شاہنور کی جنگ

یہاں سے منتشر ہو کر مرہٹی فوجیں شاہنور میں مجتمع ہوئیں۔ ایک لشکر جرار کے ساتھ نظام الملک بھی میدان میں موجود تھا۔ فوجوں کو از حد مستحکم طریقے پر ترتیب دیا گیا تھا۔ سلطان نے اپنی فوج کو تین حصوں میں تقسیم کیا اور سخت بے جگری سے حملہ کیا۔ حملے کی شدت کو دیکھتے ہی حیدر آبادی ہراول گاز ہرہ آب آب ہو گیا۔ اور مرہٹوں کو قدم جمانا ناممکن ہو گیا۔ سلطان کو شاندار فتح ہوئی اور نظام اور مرہٹوں کا کل سامان غنیمت کے طور سے سلطان کے ہاتھ لگا۔ یہ ضرب اتنی کاری تھی کہ دشمنوں کا دوبارہ آمادۂ جنگ ہونا ناممکن تھا۔ سلطان نے حیدر آباد اور پونہ کی تسخیر کے لیے فوجیں روانہ کیں مرہٹے اور نظام، سلطان کے تیور دیکھ کر گھبرا گئے اور صلح کے لیے ہاتھ پھیلایا۔ یہ ایک ہندوستانی کا تھا اپنے جذبۂ حب الوطنی سے مجبور ہو گیا اور ان وطن فروش ہندوستانیوں سے از سر نو دوستی کا عہد و پیماں کیا۔

انگریزوں سے تیسری جنگ

مرہٹوں اور نظام کی جانب سے کچھ اطمینان حاصل ہوا تھا کہ

فوجیں آتشین لاوے کی طرح حیدرآبادی اور مرہٹی فوجوں کو جلاتی اور خاک سیاہ کرتی ہوئی گزر گئیں۔ آتش باری بند ہوئی۔ دھوئیں کے بادل چھٹے تو معلوم ہوا کہ میدان خالی ہے۔ قلعہ ادونی ایک ہی حملہ کا مہمان تھا دوسرے ہی دن دروازے کھل گئے لیکن جوں ہی اسے معلوم ہوا کہ اس کے خون کے پیاسے نظام الملک کی دختر یہاں موجود ہے اس نے اپنی فوجوں کو قلعے پر قبضہ کرنے سے روک دیا۔ اور انھیں کئی میل پیچھے ہٹ جانے کا حکم دیا۔ اور جب یہ خواتین بحفاظت تمام حیدرآباد پہنچ گئیں تب بڑھکر قلعے پر شدید حملہ کیا اور قابض ہو گیا۔ یہ قلعہ اپنے استحکام کی بنا پر ناقابلِ تسخیر سمجھا جاتا تھا۔ ادھر سے فراغت حاصل کرنے کے بعد سلطان نے مرہٹوں کی جانب رخ کیا۔ اور یکے بعد دیگرے اپنے تمام مفتوحہ قلعوں کو مثلاً کنجن گڈھ سانڈور کمبلی وغیرہ فتح کر لیا۔ فتح دھارواڑ کے سلسلے میں تو مرہٹی فوج کچھ اس طرح نرغے میں آئی کہ اپنے اہل و عیال کو سلطان کے رحم و کرم پر چھوڑ کر ابتری سے تتر بتر ہو گئی ان عورتوں کو سلطان نے نہایت عزت و احترام کے ساتھ یونہ روانہ کر دیا۔

منہ دیکھنا پڑا اور یہ ہزیمت نظام اور مرہٹوں کو خائف
کرنے کے لیے کافی تھی مگر پھر اس خیال سے کہ سلطان کی قوت
اس جنگ میں کمزور ہو چکی ہوگی انھوں نے لڑائی کی ٹھان لی
وہ سلطان کو سنبھلنے کا موقع نہ دینا چاہتے تھے جنگ کا بہانہ
مرہٹوں نے تلاش کیا۔ انھوں نے سلطان سے چوتھ کا مطالبہ
کیا اور جب وہاں سے کورا جواب ملا تو قلعہ دھارواڑ اور
اس کے اطراف و جوانب کے مقامات پر قلعہ داروں سے
سازش کر کے قابض ہو گئے۔ سلطان غصے سے بیتاب ہو گیا۔ ان کی
سرزنش کے لیے ادونی کی طرف بڑھا۔ اس کو افسوس تھا تو اس امر کا
کہ یہ دونوں انگریزوں کی شاطرانہ چالوں کا شکار بنے ہوئے ہیں
اور اپنی کج فہمی، کوتاہ نظری اور خود غرضی سے وطن کو غیروں کے
سپرد کر رہے ہیں۔ سلطان نے نظام الملک کے پاس غیاث الدین
کو روانہ کیا اور اسے خدا اور رسول کا واسطہ دے کر وطن دشمنی سے
باز رہنے کی یقین کی قیمتی تحائف بھیجے مگر اپنی اور اپنی آئندہ نسلوں
کو غلامی کی زنجیر پہنانے والا نظام الملک ان کی قدر و قیمت
سے کیا واقف ہو سکتا تھا۔ نظام الملک اور مرہٹوں کی لوٹ مار
برابر جاری رہی۔ سلطان کوہ آتش فشاں کی مانند پھٹا اور ہر کی

اس کی عدم موجودگی میں اس کے مقصد کو آگے بڑھا سکتا ہے۔ چنانچہ حیدر علی نے اطمینان و دلجمعی کے ساتھ جان دی۔ سوگ منانے کا وقت نہ تھا۔ انگریزوں سے بدستور لڑائی جاری تھی مختصر سی تاج پوشی کی رسم ادا ہوئی جنرل اسٹیورٹ اور جنرل لانگ کی گوش مالی کے لیے ونڈی واش پر حملہ آور ہوا۔ انگریزی فوج فرار ہونے پر مجبور ہو گئی۔ پھر کوڑپال اور نگر کو مسخر کیا گیا۔ حیدر نگر انگریزوں کے ہاتھ میں چلا گیا تھا اٹھارہ دن کی سخت جنگ کے بعد اسے فتح کیا گیا۔ کوڑپال کے راستے میں کرنل کمبل کی فوجوں سے جھڑپ ہوئی۔ جو تمام کی تمام تہ تیغ کر دی گئی۔ اب سپہ سالار جنرل میتھوز سامنے آتا اور وہ بھی شکست کھا کر سلطان کے ہاتھوں گرفتار ہوا ان پے در پے شکستوں سے گھبرا کر انگریزوں نے صلح کی درخواست کی جو قبول کر لی گئی صلح نامہ منگلور مرتب ہوا جس میں انگریزوں نے بہت دب کر شرائط قبول کیں۔

نظام الملک اور مرہٹوں سے جنگ | ہر چند کہ اس بار پھر انگریزوں کو شکست کا

رسومات کا سلسلہ ختم نہ ہونے پایا تھا کہ مرہٹوں سے آویزش
ہوئی جس میں ولیعہد نے چتلدرگ، کٹریہ اور کنجی کوٹہ کے
قلعے فتح کر لیے

میسور کی دوسری جنگ میں سلطان نے جو کارہائے
نمایاں انجام دیے انھوں نے اسے باپ کے ہم پلہ ثابت
کر دیا۔ کرنل بیلی اور سر آئر کوٹ وہ تجربہ کار جنرل تھے
جن کے خلاف افواج حیدری کو شکست ہو چکی تھی ٹیپو سلطان
نے ان دونوں کی پیشانیاں خاک پر رگڑ دیں۔ یہ جنگ
ختم ہونے کو آئی تو شہزادے کو بلیار میں نائروں کی بغاوت
کو فرو کرنے کے لیے مامور کیا گیا۔ یہ خدمت پایۂ تکمیل تک
نہ پہنچی تھی کہ طلبی کے لیے باپ کا خط ملا۔ بسرعت سرنگا پٹم
واپس ہوا۔ یہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ اس کی آمد سے دو روز
قبل باپ نے اپنی جان جاں آفریں کے سپرد کر دی۔
گذشتہ واقعات پر نظر ڈالنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ
جیسے حیدر علی اپنی موت کے لیے اسی وقت کا منتظر تھا۔ انگریزوں
کی دوسری لڑائی میں جب اس نے بیٹے کی جنگی صلاحیت کا
امتحان کر لیا تو اسے اطمینان ہو گیا کہ اس کا ہونہار فرزند

نہیں اس لیے بیٹے سے کہا کہ "جان پدر سلطنت کے لیے قلم سے زیادہ تلوار کی ضرورت ہے" ٹیپو سلطان چونک پڑا۔ باپ کا مطلب سمجھ گیا اس مختصر سے جملے نے اس کی زندگی کا رُخ ہی پلٹ دیا۔ فنونِ سپہ گری سے شغف بڑھا۔ لائق اساتذہ کی نگرانی کے بعد عملی تربیت کی غرض سے پندرہ سال کی عمر میں باپ خود لے کر نکلا۔ مرہٹوں کی جنگ میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیے کہ باپ نے سولہ برس کی عمر میں انگریزوں کی مہذب فوجوں کے خلاف آزادانہ طور پر فوجوں کی کمان اس کے ہاتھ میں دیدی ہونہار بیٹے نے کوڑیال کا قلعہ انگریزی فوجوں سے چھین لیا اور برطانوی سپہ سالار کو جان بچا کر بھاگنا پڑا۔ مدراس کی طرف بڑھا تو دشمنوں کو تہس نہس کرتا ہوا قلعے کی دیوار کے نیچے کھڑے ہو کر گولہ باری شروع کر دی۔ گورنر مدراس بندرگاہ میں لنگر ڈالے ہوئے جہازوں میں جا چھپا۔ برطانیہ کے مایۂ ناز تجربہ کار نبرد آزما اس نوجوان فاتح کی قوت و جبروت کے آگے تھرا اٹھے اور گھٹنے ٹیک کر حیدر علی سے معافی کے خواستگار ہوئے

ماہیں سال کی عمر میں (۱۷۷۴ء میں) تاد [illegible]

ہندوستان تیرے حصے میں ابدی رات ہے نہ جانے تیری بھی
کوئی صبح ہے یا نہیں۔

پیدائش اور بچپن

نواب ٹیپو سلطان دیوان ہلی میں ۱۷۵۳ء
میں فاطمہ بیگم کے بطن سے پیدا ہوئے۔
باپ نے ازراہِ ارادت ٹیپو مستان شاہ کے اسم مبارک کی رعایت
سے ابوالفتح فتح علی ٹیپو سلطان نام رکھا۔ بیٹے کا ورود باپ
کے لیے بہت مسعود ثابت ہوا۔ اسی سال حیدر علی ڈنڈیگل کے
گورنر ہوئے کامیابیوں نے باپ کے قدموں کو بوسہ دیا اور مشکل
دس سال کے اندر اندر عظیم الشان سلطنت خداداد کا مطلق العنان
فرماں روا بن گیا۔ بچپنے کا زمانہ اتالیقوں کی نگرانی میں محلات
شاہی میں گذرا۔ باپ کتابی علم کا ایک لفظ بھی نہ جانتا تھا
لیکن بیٹے کی تربیت اس خوش اسلوبی سے کی کہ وہ سن شعور
کو پہنچنے سے قبل مختلف علوم کا ماہر ہو چکا تھا۔ مطالعے کا انہماک
اس قدر بڑھ چکا تھا کہ دن دن بھر کتاب ہاتھ سے نہ چھوٹتی تھی
ایک روز اس طرح دنیا و مافیہا سے بے خبر مطالعے میں مصروف
تھا کہ حیدر علی مطالعہ گاہ میں داخل ہوا وہ چاہتا تھا
کہ شہزادے کے لیے محض عالم اور عہدہ دار بن جانا ہی کافی

اور بلند ہوا۔ نصف النہار تک جا پہنچا۔ مگر ہندوستان ابھی
تک سو رہا ہے نیند کے ماتے ہندوستانی ابھی خواب غفلت
کے مزے لے رہے ہیں۔ سورج اپنی تیز کرنوں سے انھیں ہوشیار
کر رہا ہے۔ وہ انھیں زندگی اور حرکت پر مائل کر رہا ہے مگر آہ جو
نگاہیں تن آسانی، خود غرضی اور وطن فروشی کے ظلمتوں میں
پرورش پائی ہوں وہ شعاع مہر کی تاب کہاں لا سکتی تھیں۔
ٹیپو کی آواز صدا بصحرا ہو کر رہ گئی۔ نفاق و شقاق، دغا و فریب
کے بادلوں میں گھر کر سورج غروب ہو گیا اور اس کا خونِ تمنا
مطلع ہندوستان پر شفق کی صورت میں دعوت عبرت و
بصیرت دیتا ہوا سیاہیوں کے پردوں میں روپوش ہو گیا۔
کفر و ظلم کے خلاف سرنگا پٹم میں مغرب کے وقت آخری تکبیر
کی آواز بلند ہوئی آج تک وہ نعرۂ آزادی گونج رہا ہے --
سرنگا پٹم کا ذرہ ذرہ آج بھی اس آواز کو اپنے سینے میں محفوظ
رکھتا ہے۔ مگر سننے کے لیے گوش حقیقت نیوش اور قلب حقیقت
پرست کی ضرورت ہے۔

زمین نے سورج کے گرد نہ جانے کتنی گردشیں کیں، نہ جانے
دنیا میں کتنی بار صبح ہوئی اور کتنی بار سورج نکلا مگر سیاہ بخت

میراث میں اسے سب ہی کچھ ملا تھا۔ عظیم الشان سلطنت، بیشمار دولت، پرتکلف ایوانات، آرام، آسائش، خدم و حشم لیکن سپوت بیٹا ان سب چیزوں میں سے اپنے لیے کس چیز کا انتخاب کرتا ہے؟ کسی کا بھی نہیں۔ وہ باپ کے عمل، باپ کے مقصد زندگی اور آزادیٔ وطن کی اس جدوجہد کو جسے باپ نے آخری دم تک جاری رکھا اپنے لیے سب سے اچھی میراث تصور کرتا ہے۔

جب آفتاب درخشاں طلوع ہونے کے قریب ہوتا ہے تو رات کی سیاہیاں چھٹتی ہیں، ظلمتیں کافور ہوتی ہیں، سپیدۂ سحر نمودار ہوتا ہے۔ کہہ و مہ میں زندگی کا نور دوڑتا ہے اور فضائے بسیط کا ہر ذرہ افق قرمزی سے بلند ہونے والے سورج دیوتا کے دیدار سے اپنی آنکھیں سینکنے کے لیے ہمہ تن چشم بن جاتا ہے۔

حیدر علی کے ظلمت شکن دست و بازو نے چمنستان ہندوستان میں صبح کا اجالا تو پیدا کر دیا تھا لیکن ابھی نیر اعظم طلوع نہ ہوا تھا۔ بیتاب نگاہوں کو مژدہ ہو کہ بساط سیاست پر ٹیپو سلطان غازی حریت کا پرچم بلند کیے ہوئے نمودار ہوا۔ باطل پرستوں کی آنکھیں خیرہ ہو گئیں انھوں نے چمکتے ہوئے سورج پر دھول جھونک کر اسے گل کر دینا چاہا۔ وہ بلند ہوا

ابوالفتح فتح علی

ٹیپو سلطان

نواب حیدر علی خاں بہادر کے انتقال کے چند دن اس وقت جب انگریز اس کی موت کو اپنی خوش قسمتی کی سب سے بڑی نشانی تصور کر رہے تھے، نظام الملک خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ نواب محمد علی والاجاہ بغلیں بجا رہا تھا۔ اور ہندوستان کا ہر سپوت مادرِ وطن کی ردائے ناموس کو چاک کرنے کے درپے تھا۔ مجاہدِ اعظم، بطلِ حریت، شیرِ نیستانِ آزادی ٹیپو سلطان کی آواز فضائے بسیط میں گونجتی ہے اس کی تیغ جوہر دار نا امیدی کے اندھیرے میں مشعلِ امید بن کر چمکتی ہے اور اس کا مضبوط ہاتھ آزادیِ وطن کی گرتی ہوئی عمارت کو سہارا دے کر کھڑا کر دیتا ہے۔ سعادت مند بیٹا باپ کے نامکمل مشن کو تکمیل کی منزل تک پہنچانے کی سعی کرتا ہے۔ باپ کی

اور یہ اولوالعزم مجاہد اپنے عزائم کو تشنۂ تکمیل چھوڑ کر مادرِ ہند کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے داغِ مفارقت دے گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

انگریزوں کے دسترخوان کرم کا ریزہ چیں محمد علی، پھر بے حمیتی کا داغ لیے ہوئے انگریزوں کے سایہ دامن میں پناہ لینے کے لیے مدراس فرار ہو رہا تھا اس وقت حیدر علی ارکاٹ کے ایوانوں میں جشن شاہی منا رہا تھا۔ اور ویلور اور ارکاٹ کی سرزمین اپنے فاتح کے قدموں سے لپٹ کر نہال ہو رہی تھی۔ چندرگیری اور جنجی کی فتح کے بعد بجز چند ساحلی مقامات کے پورا ملک کرناٹک زیر فرمان حیدری آچکا تھا۔

اب انگریزوں کی آنکھیں کھلیں شہنشاہیت کا خواب بے تعبیر نظر آنے لگا۔ صلح کی بھیک کے لیے بے شرمی سے ہاتھ بڑھایا گیا اور ٹھکرا دیا گیا۔ حیدر علی کو اب انگریزوں کی حیدری دشمنی کا یقین واثق ہو چکا تھا۔ اور اس نے مادر ہند کی پاکیزہ آغوش کو انگریزوں کے ناپاک وجود سے آزاد کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا تھا مگر عین اس وقت جب ہندوستان کا ہر ذرہ اس کے دید سے مشرف ہونے کے لیے چشم براہ اور اس کے استقبال کے لیے بیتاب تھا ہندوستان کی قسمت نواب حیدر علی خاں بہادر کی موت کی شکل میں نمودار ہوئی

اکثر ساتھی مسلسل شکستوں سے بددل ہو کر اپنے عزائم کی
کامیابیوں سے ناامید ہو چکے تھے۔ چنانچہ انگریزوں نے
اپنا سب سے زیادہ آزمودہ حربہ جس کے لیے وہ اقوام عالم
میں ہر زمانے میں بے مثل رہے ہیں استعمال کیا۔ سازشوں کا
بازار گرم ہوا۔ وزراء اور امراء کو حیدر علی کے خلاف غداری
کرنے پر مائل کیا گیا۔ حیدری افواج میں مذہبی پادریوں کے
ذریعے بددلی پھیلائی گئی۔ اور حیدر علی کو اکسانے کے لیے
پانڈیچری اور ماہی بندر پر قبضہ کر لیا گیا۔

حیدر علی کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ برق و باراں
کا ایک طوفان اٹھا اور کرناٹک پر چھا گیا۔ جنوبی ہند نے
اس سے قبل کبھی اتنی شدید خونریزی نہ دیکھی تھی۔ انگریزی
سپاہی اگر سنگ و آہن کے بنے ہوئے ہوتے تو بھی اس شدید
حملے کی تاب نہ لا سکتے۔ پولی پور کی فیصلہ کن جنگ میں یورپی
فن جنگ کی دھجیاں اڑا دی گئیں۔ اور برطانیہ کے قابل
پرستش نبرد آزما سر کلیڈ ہنرو اور کرنل بیلی کی ایک پیش نہ گئی
بازوئے حیدری نے ان کی پیشانیوں پر ہمیشہ کے لیے ناکامی
اور شرمناک شکست کی مہر ثبت کر دی۔ جس وقت محمد علی

فسانے سنا کر اپنی معصومیت کا یقین دلانا جانتی ہے لیکن اپنی کج ادائیوں کے حقایق سن کر آج بھی اس کی پیشانی عرق آلود نہیں ہوتی۔

بڑی گھمسان کی لڑائی ہوئی مرہٹوں اور والیان چیتل درگ اور شاہنور کی تازہ دم فوجوں کے مقابلے میں کئی بار شکست کے آثار نظر آنے لگے۔ سرنگاپٹم کا محاصرہ کر لیا گیا لیکن یہاں بھی حیدر علی کی بے مثل سوجھ بوجھ اور فنی قابلیت کام آئی۔ نتیجتاً مرہٹوں کو بری طرح پسپا ہو کر راہ فرار اختیار کرنی پڑی۔ کامیابی نے بڑھ کر حیدر علی کے قدم چومے۔ یہ فتح ۱۷۷۱ء سے ۱۷۷۹ء تک کی تمام فتوحات کا پیش خیمہ تھی اب کس میں حوصلہ تھا کہ اس سربازسے جنگ کی ہمت کرتا اور اپنی موت کو دعوت دیتا۔ کورگ فتح ہوا ملبار زیر نگیں آیا۔ گنی کی تسخیر ہوئی بلاری پر علم حیدری لہرایا۔ بادامی دھارواڑ اور چتلدرگ زیر فرمان ہوا اور زمین کڑپا نے قدم بوسی کا شرف حاصل کیا۔

انگریزوں سے دوسری جنگ

انگریز رنج و غصے سے دیوانے ہو گئے۔ ان کے

یم وکرم پر زندہ تھے مگر وہ اپنی دشمنی میں جتنا اٹل اور
شدید تھا دوستی کے معاملے میں اتنا ہی خطا پوش اور کریم
بھی تھا۔ کاش اپنی شجاعت کے بے معنی ڈنکے پیٹنے والے
انگریز سورما اس کے کردار سے درس حاصل کرتے۔ ایفائے عہد
اور پاس وفا کی جو نظیریں حیدر علی نے پیش کی ہیں وہ ہندوستان
ہی نہیں دنیا کی ہر قوم کے لیے سرمایۂ فخر و ناز ہو سکتی ہیں۔

مرہٹوں کا چوتھا حملہ

میسوری عساکر پوری طرح گزشتہ جنگ کے اضمحلال کو ابھی دور نہ کر سکی تھیں کہ مرہٹہ سردار ترمک راؤ نے ایک لاکھ بیس ہزار کی ٹڈی دل فوج کے ساتھ میسور پر حملہ کیا۔ عہد نامہ مدراس کی رو سے انگریزوں سے مدد طلب کی گئی وہاں سے صاف انکار تھا۔ انھیں یقین تھا کہ اب کی بار حیدری افواج کی شکست یقینی ہے۔ یہ عہد نامہ ایفا کرنے کے لیے لکھا ہی کب گیا تھا۔ اس سے تو صرف موقتی طور پر آفت کو ٹالنا مقصود تھا۔ یہ انکار اس قوم کی جانب سے تھا جو محبت اور جنگ میں سب کچھ روا سمجھتی ہے۔ جس کے سامنے کوئی صحیفۂ اخلاق نہیں جو دنیا کو اوروں کی بیوفائی کے

روپوش ہوا اور ہاتف غیب نے آواز دی کہ مادرِ ہند
آنکھیں کھول اور دیکھ۔ دشمن کی کلاہ اور تلوار۔ عظمت
اور قوت تیرے قدموں پر ہیں۔ تیری آغوش میں جب تک
ایک سرفروش مجاہد بھی موجود رہے گا تیرا سہاگ کبھی لٹ
نہ سکے گا

انگریز معافی کے خواستگار ہوئے اور حیدر علی نے اپنی
انتہائی فراخدلی کا ثبوت دیتے ہوئے انھیں معاف کر دیا یہ
دوسرا وقت تھا جب انگریزوں نے نیک چلنی کا وعدہ کیا
تھا اور اس نے باوجود اس ایقان اور تجربے کے کہ یہ وعدہ
کبھی شرمندۂ وفا نہ ہوگا صرف تنبیہ اور درگذر کو کافی سمجھا
اس وقت کے سیاسی حالات کے پیش نظر یہ عفو بیجا ہو یا بجا
بہرحال اس نے دشمنوں پر یہ ثابت کر دیا کہ حیدر علی محض
ایک عدیم النظیر سپہ سالار ہی نہ تھا بلکہ اپنی تہذیب نفس اور
شرافت ذاتی کے اعتبار سے اتنا بلند مقام رکھتا تھا جہاں
حضرت کلائیو اور لارڈ کارنوالس کو پہنچنا کبھی نصیب نہ ہوا
وہ چاہتا تو مدراس پر بآسانی قبضہ کر کے کم از کم جنوبی ہند
میں انگریزی اقتدار کا خاتمہ کر دیتا۔ انگریز اس کے

منتظر تھے چنانچہ کرنل اسمتھ محمد علی نظام الملک اور مرہٹوں
کی معیت میں علاقہ میسور پر حملہ آور ہوا۔ لڑائی ہوئی اور
بڑے زور سے ہوئی بہت سے مقامات حیدر علی کے ہاتھوں
سے نکل گئے۔ مگر دکن کا شیر کوئی طفلِ مکتب نہ تھا۔ انگڑائی
لے کر اٹھا برقِ بلا بن کر دشمن کے سروں پر چمکا۔ اور ہلاکت
آفریں سیلاب کی مانند تہس نہس کرتا گذرتا چلا گیا مخالف
قوتوں کا زور ٹوٹ چکا تھا نظام الملک جان بچا کر بھاگا
محمد علی انگریزوں کے دامن میں منہ ڈال کر آنسو بہانے
کے لیے مدراس کی جانب فرار ہوا۔ حیدری افواج کی
فتوحات کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا گیا۔ انگریزوں
پر عرصہ حیات تنگ ہو چکا تھا۔ کرنل اسمتھ اور کرنل وڈ
( ) کی فوجوں کو شرمناک ہزیمت ہو چکی تھی۔
ٹیپو سلطان نے (جس نے انگریزوں سے پہلی بار پنجہ کشی
کی تھی) بڑھ کر انگریزوں کی آخری پناہ گاہ مدراس پر
گولہ باری شروع کر دی۔ قلعہ مدراس مجاہد اعظم کی جلالت
و عظمت کے سامنے تھرا اٹھا گورنر مدراس دہشت کے
مارے اپنی تلوار اور ٹوپی چھوڑ کر لنگر انداز جہازوں پر

ی ہو یا خود نواب حیدر علی خاں کی

انگریزوں سے پہلی جنگ

جوں جوں حیدر علی کا اقتدار بڑھتا جا رہا تھا اور اس کی سیادت مسلّم ہوتی جا رہی تھی۔ اس کے حریفوں کو اس کی جانب سے زیادہ خطرہ ہو رہا تھا۔ ایک طرف نواب محمد علی والا جاہ رنج و حسد کی آگ میں جل رہا تھا۔ دوسری طرف مرہٹے آتش زیر پا ہو رہے تھے۔ تیسری طرف نظام الملک اپنے خواب شہنشاہی کی تعبیر کے لیے اس سدِ راہ کو ریزہ ریزہ کر دینے کے لیے بیتاب تھا۔ اور پھر انگریز؟ انگریز کا دامن حرص و آز تو ہمیشہ ہی دراز رہا ہے اس کا کشکول ملک گیری تو ہمیشہ ہی تہی رہا کیا ہے۔ پھر بھلا ایسی صورت میں حیدر علی سے جنگ کیوں نہ ہوتی۔ مورخین میسور کی پہلی جنگ کے اسباب دریافت کرنے کے لیے ناحق پریشان ہیں۔ انگریز کے بالمقابل کسی "حیدر علی" کا وجود ہی جنگ کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

دشمنوں کو یقین تھا کہ مرہٹوں کے حملے کے ــــ بازوئے حیدر ضرور ہی ڈھیلا ہو گا۔ اور وہ اسی موقعہ کے

حاصل کرنے کے بعد حیدر علی کو اپنی غیر معمولی فاتحانہ خصوصیات
کے اظہار کا موقعہ ملا۔ بلند پرواز شاہین کو قفس کا آب و دانہ
راس نہیں آتا۔ اب اس کے لیے فتوحات کا دروازہ کھل چکا
تھا۔ چند دنوں کے اندر ہی اندر اس نے بنگنپلی، نندی،
بدنور، بالاپور، ملبار، کالی کٹ، پونانی، شاہنور وغیرہ فتح
کر لیے۔ ناظر کو یہاں اس امر کا صحیح طور پر ادراک کرنا چاہیے
کہ ان فتوحات میں ملک گیری کی ہوس کا جذبہ کارفرما
نہ تھا۔ حیدر علی کی روز افزوں ترقی کو دیکھتے ہوئے ہر
شخص مائل بہ عناد تھا اور اپنی معاندانہ روش سے وطن
دشمنی کا ثبوت دے رہا تھا اور حیدر علی جیسے سرستار وطن
کی نگاہ میں سب سے بڑا جرم یہی تھا۔ ان تمام معرکوں
میں جہاں کہیں والیان سلطنت نے صلح کی درخواست
کی اور آیندہ نیک روش اختیار کرنے کا وعدہ کیا اس نے
ہمیشہ حلم، عفو اور درگذر سے کام لیتے ہوئے ان کی سلطنت
ان کے لیے چھوڑ دی۔ وہ حریت پسند تھا۔ دوسروں کے
فطری حق آزادی پر ڈاکے نہ ڈالتا تھا۔ وہ ہر شخص کو غلامی
کا زہر [illegible] آزاد دیکھنا چاہتا تھا۔ خواہ یہ غلامی انگریزوں

راجہ کے عدار وزیروں نے راجہ کو بالکل مفلوج کر دیا
اور خود فرماں روا حیدر علی کے خلاف سازشیں
کرنے لگے تو اس نے مجبور ہو کر جاگیر میسور کی زمام خود
اپنے ہاتھ میں لے لی اور راجہ کو ایک باجگذار والی
ریاست کی حیثیت سے اپنی نگرانی میں رکھا حیدر علی
کے لیے یہ آسان تھا کہ وہ اسی طرح جس طرح ایسٹ انڈیا
کمپنی نے ارکاٹ، اودھ، ناگپور اور ستارہ کے شاہی
خاندانوں کو بے نشان کر دیا میسور کے شاہی خاندان
کو جلاوطن کر دیتا لیکن نہیں بدنام حیدر علی نے
راجہ میسور کے اعزاز و مناصب کو بدستور قائم رکھا۔
دسہرے کے موقعے پر راجہ کا جلوس نہایت شان و شوکت
کے ساتھ نکلتا تھا اور اس موقعے پر جو دربار ہوتا تھا
اس میں حیدر علی اور اس کے لڑکے ٹیپو سلطان کی
جانب سے راجہ کی خدمت میں نذریں پیش کی جاتی
تھیں کیا اس کے بعد بھی حیدر علی کو غدار اور نمکحرام
کہا جا سکتا ہے؟
محکومانہ زندگی سے چھٹکارا پائے اور خود مختارانہ حیثیت

بادشاہوں کے باجگذار تھے۔ اس کے بعد ۱۶۶۷ء
میں یہ شہنشاہ اورنگ زیب کے باجگذار ہو گئے چند
سال بعد اورنگ زیب نے میسور کے راجہ چک دیو کو
جلد یو کا خطاب دے کر نوبت اور نقارہ رکھنے کی
اجازت دیدی میسور کی جاگیر سرا کے مغل گورنر کے
ماتحت تھی حیدر علی راجہ میسور کی ملازمت میں سپہ سالار
کے عہدے تک پہنچا۔ اس کے تھوڑے عرصے بعد شہنشاہ
ہند نے حیدر علی کو سرا کا گورنر مقرر کر دیا اور اسے
سامانہ مراتب اور نقارہ اور نشان مع خطاب دربار
معلیٰ سے عطا ہوئے۔ اس طرح اندازہ لیا جا سکتا ہے
کہ حیدر علی اب راجہ میسور کے ماتحت نہ رہا تھا بلکہ راجہ
میسور اس کے ماتحت تھا لیکن اس کے باوجود اس نے
اپنے راجہ کی ہمیشہ عزت کی باوجودیکہ راجہ میسور تینتیس ۳۳ گاؤں کا
مالک تھا اور حیدر علی کے زیر نگیں اسی ۸۰ ہزار مربع میل
ملک تھا لیکن وہ راجہ میسور کو اپنا آقا سمجھتا تھا اور
اس کی ہر ممکن خدمت کے لیے ہر وقت کمربستہ رہتا تھا۔
اس نے کئی بار میسور کو تباہی سے بچایا لیکن جب

لینا راجہ کے فقدان تدبر کی بین دلیل ہے۔ علاوہ ازیں اگر وہ بطور خود ارادۃً راجہ کو تاج و سریر سے محروم کرتا تو خطاوار تھا۔ لیکن تاریخ شاہد ہے کہ شاز شین کے طرز عمل نے اسے مجبور کر دیا کہ وہ ایسا طرز عمل اختیار کرے۔ اسے تہ تیغ کر دینے میں دشمنوں نے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی تھی۔ پھر اگر اس نے اجتماعی فلاح کے پیش نظر ذاتی مفاد چاہنے والوں کا استیصال کر کے بغض و عناد کے بیج کو اکھاڑ پھینکا تو کیا برا کیا۔ اس خصوص میں حیدر علی کہاں تک قابل الزام ہے اسے ہندوستان کی مایہ ناز، ہندو مصنفہ سبیتا دیوی کی زبان سے سنیے۔

حیدر علی پر سب سے پہلا الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ اس نے اپنے ہندو راجہ سے غداری کر کے اس کا ملک چھین لیا اور خود بادشاہ بن بیٹھا لیکن اگر تاریخ کا گہرا مطالعہ کیا جائے تو یہ الزام بالکل غلط نظر آئے گا۔ حیدر علی کے عروج سے پہلے میسور ایک بہت معمولی ریاست تھی جس میں صرف تینتیس گاؤں تھے۔ یہاں کے راجہ پہلے بیجاپور کے مسلمان

ہوتا ہے۔ مدافعت ناممکن تھی۔ اس لیے وہ یکہ و تنہا رات کے اندھیرے میں بھاگ نکلتا ہے۔ اور بنگلور پہنچ کر فوج جمع کرتا ہے۔ مرہٹہ سردار اور کھنڈے راؤ نے بنگلور پر بعجلت ممکنہ حملہ کیا۔ حیدر علی نے قلعہ سے نکل کر حملے میں پیش قدمی کی اور دشمن کو نقصان عظیم کے ساتھ شکست فاش اٹھانی پڑی۔

باوجود اس معرکہ آرائی کے حیدر علی کو راجہ میسور سے کوئی پرخاش نہ تھی۔ اسے صرف کھنڈے راؤ پر غصہ تھا۔ اب راجہ نے بھی اپنی غلطی کو محسوس کر لیا تھا چنانچہ اس نے حیدر علی کو جلد از جلد سرنگاپٹم پہنچنے کی دعوت دی۔ حیدر علی نے سرنگاپٹم پہنچ کر راجہ کے اخراجات کے لیے تین لاکھ کی جاگیر علٰحدہ کر کے حکومت کے نظم و نسق اپنے ہاتھ میں لے لیے۔ کوتاہ نظر اور متعصب معترض یہاں اعتراض کر سکتا ہے کہ حیدر علی غاصب سلطنت تھا۔ اس نے مالک کے ساتھ دغا کی۔ مگر کیا اس حقیقت پر بھی وہ پردہ ڈال سکے گا کہ حیدر علی کا تخت و تاج پر قابض ہو جانا ہی اس وقت میسور کے حق میں سب سے زیادہ مناسب ہوا۔ وہ یہ چاہتا تھا کہ سلطنت کو بے زوال اور نااہل ہاتھوں میں جانے سے بچائے۔ حیدر علی کے خلاف سازش میں حصہ

کی سفارش پر شہنشاہ ہندوستان نے سرا کی صوبہ داری اور نواب کا خطاب عنایت کیا۔

حیدر علی کے پیش نظر چونکہ ذاتی منفعت نہ تھی اس لیے اس نے اس وقت تک ریاست میسور کے اندرونی انتظامات سے کسی قسم کی دلچسپی کا اظہار نہ کیا تھا۔ وزیر نندراج سے ملمدان وزارت واپس حاصل کرنے کے لیے راجہ میسور حیدر علی سے درخواست کرتا ہے۔ حیدر علی کو اب اس قدر قوت حاصل ہو چکی تھی کہ وہ جس وقت چاہتا تخت میسور پر قابض ہو سکتا تھا لیکن وہ ایسا کیوں کرتا وہ سلطنت میسور کا وفادار تھا وہ شریف الفطرت تھا اور حرص و طمع سے عاری اس لیے اس کی وفاداری ہمیشہ غیر متزلزل رہی۔ راجہ میسور نے بہت بڑی اخلاقی اور سیاسی غلطی کا ارتکاب کیا۔ جب اس نے حیدر علی کے نائب کھنڈے راؤ کے ورغلانے پر یہ طے کر لیا کہ حیدر علی کا دفعیہ ضروری ہے۔ خفیہ طور پر مرہٹوں سے امداد طلب کی گئی اس سازش میں کھنڈے راؤ راجہ میسور کے علاوہ کل خاندان شاہی کے افراد شریک ہیں۔ حیدر علی کو سرنگا پٹم میں جہاں وہ بہت قلیل فوج کے ساتھ ہے دشمن نے گھیر لیا جاتا ہے۔ اب حیدر علی کو راجہ کے عزائم کا علم

بسر کرنے کے لیے باپ کے سہارے کا بھی مرہون منت نہ ہونا چاہیے۔ حیدر علی اپنے بھائی کے ساتھ سرنگاپٹم چلے آئے کچھ عرصہ بعد ملازمت کی تلاش ہوئی اور نندراج وزیر میسور کے زیر کمان ایک چھوٹے سے فوجی دستے پر افسر مقرر کر دیے گئے۔ وزیر نندراج کی نگاہ مردم شناس نے اس دریکتا کی قدر و قیمت پہچانی اور انھیں اپنے اڈی گارڈ کا افسر بنایا تقریباً بیس سال کی عمر میں اپنی نمایاں خدمت کے صلے میں ڈنڈیگل کے گورنر مقرر ہوئے۔ اور پھر ان کارہائے نمایاں کے سلسلے میں جو حیدر علی نے محاصرہ ترچناپلی (۱۷۵۳ء) کے دوران میں محمد علی والاجاہ کی حمایت اور چندا صاحب کی مخالفت میں صوبہ ارکاٹ میں انجام دیے تھے راجہ میسور نے شہ سالار افواج میسور کے منصب اور "فتح حیدر بہادر" کے خطاب سے سرفراز کیا۔

میسوری عساکر حیدر علی کی سرلردی میں اپنی بیحد اور اہلیت کا ثبوت دیتی ہیں۔ ہر معرکے میں پے در پے فتوحات حاصل کرتی ہیں حیدر علی کی شجاعت، پامردی اور بے شکل جنگی قابلیت کی شہرت شمالی ہند تک پہنچ رہی تھی جنگ والی اور فی

کی نگاہ کوتاہ نظر دولت پرستوں کی نگاہ سے کہیں زیادہ تیز ہوتی ہے۔

اگر ۱۷۸۲ء میں ہندوستان کی بدقسمتی حیدر علی کی موت کی شکل میں ظاہر نہ ہوئی ہوتی تو بلاخوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ ہندوستان آج غیروں کی غلامی کی لعنت سے بالکلیہ آزاد ہوتا اور ہر ہندوستانی آزادی کے آغوش میں چین کی زندگی بسر کرتا

پیدائش و عہد طفلی

حیدر علی ضلع کولار کے ایک چھوٹے سے گاؤں بودی کوٹا میں ۱۷۲۲ء میں پیدا ہوئے۔ باپ شیخ فتح محمد صوبہ دار سرا کے پاس دو ہزار سواروں کے عہدہ دار تھے سپاہیوں کا گھرانہ تھا اس لیے کسی نے تاریخ پیدائش بھی لکھ کر یادداشت کے طور پر نہ رکھی مگر صرف محکمۂ قضا و قدر خوب جانتا تھا کہ یہی شخص افق ہندوستان پر ایک دن مہر تاباں بن کر چمکنے والا ہے۔ ابھی اس نومولود نے گلشن دنیا کی یا تیج بہار بھی نہ دیکھی تھیں کہ سایۂ پدر کسی معرکہ میں کام آگیا۔ ہاتف غیب نے آواز دی کہ تجھے اپنی قوت دست بازو سے سہارے زندگی

ان کی نگاہوں میں خار کی طرح کھٹکتا رہا۔ حیدر علی
رگوں میں شاہی خون کا ایک قطرہ بھی نہ تھا اسے کتابی
علم کی ہوا تک نہ لگی تھی۔ وہ کسی اچھے سپہ سالار کی صحبت
سے بھی ناآشنا تھا لیکن اس کی ذاتی فراست خداداد
ذہنی قابلیت اکتسابی فن و تجربہ نے ان خصوصیات کا حامل
بنا دیا تھا جن کے لیے ایک بڑے سے بڑا جنگی سورما زیادہ
سے زیادہ تمنا کر سکتا ہے۔ لاریب وہ ہندوستان کا سب
سے زیادہ عظیم الشان جرنیل تھا اور اپنی غیر معمولی سوجھ بوجھ
کے اعتبار سے دنیا کے اکثر نبرد آزماؤں سے ممتاز نظر آتا
ہے۔ ناموس وطن کی حفاظت ہی اس کی زندگی کا مقصد
اولین تھا۔ اور کسی غیر ملکی قوت کے لیے جو ہندوستان
پر قابض ہونے کی فکر میں ہو اس سے بڑھ کر بنائے مخاصمت
ہی کیا ہو سکتی تھی۔ دغا و فریب وعدہ شکنی اور بے انصافی،
بہر حال یورپی فن سیاست کے تمام ہتھکنڈے اس مرد حق
آگاہ اور مرد حق پرست کو زیر کرنے کے لیے استعمال کیے
جاتے ہیں مگر ہر حربہ پہلے سے زیادہ ناکام ثابت ہوتا ہے
جان کی بازی لگا کر میدان میں آنے والے مجاہد

دعویٰ کرنے والے نہ صرف امداد دینے سے کتراتے ہیں بلکہ آزادی وطن کے اس علمبردار کے مقابلے میں صف آرا ہو جاتے ہیں۔ اور اپنی وطن دشمنی کا ایسا ثبوت بہم پہنچاتے ہیں جو ان کے اور ان کی نسلوں کے لیے رہتی دنیا تک یادگار رہے گا۔

حیدر علی خاں نڈر تھا۔ بے خوف تھا۔ وہ دوسروں کے رحم و کرم پر رزم آرائی نہ کرنا چاہتا تھا۔ اسے اگر کوئی بھروسہ تھا تو اپنی قوتِ بازو کا اپنی [illegible] تلوار کا۔ اپنے عزم کی [illegible] کا اور اپنے بے [illegible] قلب کا اور اپنے ان ہتھیاروں کی موجودگی میں وہ دشمن کی بے پناہ توپوں، ان گنت سپاہیوں اور ان کی شاطرانہ سازشوں اور چالبازیوں کو خاطر میں نہ لا سکتا۔ اس کی بے پناہ قوت کا سب سے بڑا راز یہ تھا کہ ذاتی مفاد اس کے پیش نظر نہ تھا وہ اس جدوجہد کے بعد اپنے لیے کچھ نہ چاہتا تھا۔ ذاتی عیش کے لیے اسے سب کچھ حاصل تھا مگر تاریخ شاہد ہے کہ وہ ایک سپاہی تھا اور زندگی بھر محض ایک سپاہی ہی رہا۔ ظاہری اور باطنی ذرائع سے سپاہی انگریز تو آسان حیدر علی کو تقسیم کر کھوں، ہر جگہ دیتے لیکن محامد اور سروش حیدر علی

نواب حیدر علی

ظلم و تعدی، نفاق و شقاق کے اس طوفان میں شیر حیدر نواب حیدر علی خاں بہادر کی آواز گونجتی ہے اور اس کے اثر سے اعداد کی صفوں میں برہمی پھیل جاتی ہے۔ سب سے پہلے وہ اپنوں کا جائزہ لیتا ہے، مخالفین کی طاقت کا اندازہ لگاتا ہے۔ ہندوستان کی آزادی کو برقرار رکھنے کے لیے ہر محب وطن قوت کو آواز دیتا ہے۔ انھیں جھنجھوڑ کر خواب غفلت سے بیدار کرنے کی کوشش کرتا ہے مگر برا ہو اس حرص و آز کا ملک و قوم کا مفاد، ذاتی مفاد کے مقابلے میں پس پشت ڈال دیا جاتا ہے۔ اپنے بیگانے ہو جاتے ہیں۔ دانا، نادان بن جاتے ہیں محض اس خوف سے کہ مبادا حیدر علی سارے ہندوستان کا مطلق العنان شہنشاہ نہ بن بیٹھے۔ حب وطن کا

اپنی غیر معمولی صلاحیتوں سے چند ہی دنوں میں انھوں نے
اس ذرہ حقیر کو آسمان عروج و اقبال پر پہنچا دیا۔ یہ ایک
تاریخی واقعہ ہے کہ ۱۷۵۹ء سے قبل جب حیدر علی ایک فوجی
عہدہ دار تھے میسوری فوجوں کو کبھی ریاست میسور سے باہر
نکلنا نصیب نہ ہوا تھا۔ اور کوئی قوت میسور کو قابل اعتنا نہ
سمجھتی تھی یا یہ عالم ہوا کہ حیدر علی اور ٹیپو سلطان کی سرکردگی
اور قیادت میں انھیں فوجوں نے وہ وہ کارہائے نمایاں
انجام دیے جو شجاعت اور مردانگی کی تاریخ میں ابدالآباد
تک یادگار رہیں گے۔

سلطنت میسور اکثر مورخین اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ سلطنت خداداد سلطنت میسور ایک ہی خطۂ زمین کے دو نام ہیں۔ یہ ایک صریح غلطی ہے جس کا ازالہ ضروری ہے۔ سلطنت میسور سے دارالریاست میسور اور اس کے اطراف و جوانب کے ۳۳ گاؤں مراد تھے۔ سلطنت خداداد کی ابتدا کے وقت راجگان میسور اس علاقے پر قابض تھے اور اس پر ان کا تسلط زوال سلطنت خداداد تک بدستور قائم رہا۔ یہ سلطنت جسے حقیقتاً جاگیر کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ قیام سلطنت وجیانگر (۱۳۳۶ء) سے آج تک کبھی خود مختار نہیں رہی۔ ۱۵۶۵ء تک وجیانگر کی باجگزاری کرنے کے بعد سلاطین بیجاپور کے قبضے میں آئی۔ اور پھر ۱۶۸۷ء میں اورنگ زیب عالمگیر کی قلمرو میں شامل ہوگئی۔ جب سلطنت مغلیہ کمزور ہوگئی اور مرہٹوں نے محمد شاہ سے چوتھ اور سردیس مکھی وصول کرنے کا پروانہ حاصل کر لیا تو ریاست میسور مرہٹوں کی خراجگذار بن گئی۔ جس زمانے میں سلطنت خداداد کی ابتدا ہوئی اس وقت کرشنا راجہ وڈیار والی میسور تھا۔ اس راجہ کی حکمرانی کے دور میں حیدر علی میسور کی فوج میں بھرتی ہوئے اور

مدراس وندا ش کے مقام پر شکست کھائی پیچھے ہٹ کر پانڈیچری کی حفاظت کرنی چاہی۔ تقدیر کا پانسہ پلٹ گیا تھا۔ بہتی طرح شکست کھائی اور فرانسیسیوں کی اس شکست نے ہندوستان میں ان کی کوششوں کا خاتمہ کر دیا۔ صلح پیرس کی رو سے فرانسیسیوں کو اپنے ہندوستانی مقبوضات تو مل گئے لیکن ان سے مقبوضات میں قلعہ تعمیر کرنے کا حق چھین لیا گیا۔ اور اس طرح ان کی عسکری قوت کا خاتمہ ہو گیا۔

فرانسیسی اقتدار کے ختم ہونے کے بعد انگریزوں نے اپنے گرد و پیش پر نظر ڈالی نظام الملک کو فوجی امداد کا جھانسا دے کر اپاہج بنا دیا مرہٹوں میں پہلے تو سازشوں کے ذریعے پھوٹ ڈالی گئی۔ پھر ٹیپو سلطان اور زمان شاہ کے فرضی حملوں کا خوف دلا کر یہ باور کرایا گیا کہ ٹیپو سلطان عنقریب مرہٹی قوت کا استیصال کر کے پورے ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم کرے گا۔ مرہٹے یوں بھی ٹیپو سے متنفر تھے دام میں آ گئے۔ اب رہا محمد علی والاجاہ وہ انگریزوں ہی کا آوردہ تھا۔ انگریز ہی اس کے لیے اول اور آخر تھے وہ کس بناء پر ٹیپو کی حمایت کرتا۔

اس کا اثر اس وقت نمایاں ہوا جب تخت آصفی کے دعویدار مظفر جنگ نے نوابی ارکاٹ کے مدعی چندا صاحب سے امداد طلب کی اور فرانسیسیوں نے اپنے اثر و رسوخ کو بڑھانے کے لیے ان دونوں کی اعانت کا بیڑا اٹھایا۔ یہ دیکھتے ہوئے انگریز فریق ثانی ناصر جنگ اور محمد علی والاجاہ کی امداد کے لیے کمربستہ ہوئے۔ پھر جیسا کہ اس سے قبل بیان کیا جا چکا ہے ناصر جنگ مارے گئے اور مظفر جنگ تخت آصفی پر قابض ہوئے۔ ادھر چندا صاحب نواب ارکاٹ قرار پائے۔ انگریزوں کے دل میں فرانسیسیوں کی اس کامیابی نے ناسور ڈال دیے۔ ارکاٹ پر حملہ ہوا۔ چندا صاحب نے شکست کھائی اور اس طرح سے محمد علی انگریزوں کے بل بوتے پر ارکاٹ کا نواب بنا۔ جانبین نے شدید نقصانات اٹھائے اور ایک دوسرے سے عہد کیا کہ وہ ہندوستانی سیاسیات میں غیر جانبدار رہیں گے ۱۷۵۱ء تک سکون رہا لیکن یورپ میں فرانس اور برطانیہ کے مابین جنگ ہفت سالہ شروع ہوتے ہی ہندوستان بھی دونوں قوموں کے لیے اکھاڑہ بن گیا۔ کلائیو نے چندر نگر فتح کیا اور کمانڈر لالی نے

صوبیداری کی نوابی کی برہمی کا ٹھکانہ نہ رہا۔ اور شاید یہی وہ وقت تھا جب انھوں نے سلطنت خداداد کو مٹانے کا عزم کیا۔

سلطنت خداداد سے عدم اشتراک کی خود نظام الملک کے بیان کے مطابق یہ وجہ تھی کہ انھیں نہ انگریزوں سے کوئی دلچسپی تھی اور نہ سلطنت خداداد سے وہ تو یہ چاہتے تھے کہ دونوں یہاں تک جنگ کریں کہ کوئی ایک دوسرے کو زیر کرلے اس کے بعد حکمت عملی سے نظام الملک فاتح کی تسخیر کرلیں۔ بہرحال انہی اسباب و علل کی بنا پر اٹھنجاہ نے تادم زیست سلطنت خداداد سے عدم تعاون کیا

انگریز، فرانسیسی اور نوابان ارکاٹ

نظام الملک پر عدم تعاون کا جو جرم عاید ہوتا ہے وہ کتنا ہی وقیع کیوں نہ ہو لیکن ہندوستان کے مفاد اور اجتماعی فلاح و بہبود کو جو نقصان انگریزوں اور فرانسیسیوں کی اویزش سے پہنچا وہ سب سے زیادہ تباہ کن ثابت ہوا۔ اس مخالفت کی ابتدا تو ۱۷۴۶ء ہی میں ہو چکی جب نواب ارکاٹ انورالدین کا نام لے کر فرانسیسیوں نے مدارس کو انگریزوں سے چھین لیا تھا لیکن ہندوستان

خلاف استعمال نہ لیا جائے گا جو انگریزوں کی حلیف ہو۔ یہی سب سے بڑی ڈیری سسٹم کی بنیاد تھی جس نے بعد میں ریاست کی جڑوں کو کھوکھلا کر دیا اور نظام الملک انگریزوں کی اسی گرفت میں بے دست و پا ہو کر رہ گئے۔ انھوں نے اس حقیقت کو بہت دیر میں سمجھا کہ سلطنت کا استحکام اس کی اپنی طاقت پر منحصر ہے نہ کہ کسی دوسرے حلیف کی مدد و اعانت پر۔

کلکتہ، ۱۰ مئی مسلمانانِ کلکتہ کا ایک عظیم الشان جلسہ مسٹر عثمان میئر کلکتہ کی صدارت میں منعقد ہوا، جلسہ نے ایک قرارداد کے ذریعہ حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ غیر مشروط طور پر امریکی برطانوی کمیشن کی سفارشات کو مسترد کردے اور متنبہ کیا کہ اگر ان سفارشات کو نافذ کرنے کی کوشش کی گئی تو ساری دنیائے اسلام اور مسلمانانِ ہند برطانیہ امریکہ اور یہودیوں کے خلاف اعلانِ جہاد کر دیں گے، جلسہ میں امریکی اور یہودی مال کا مقاطعہ کرنے کی تجویز بھی پاس کی گئی

واشنگٹن

واشنگٹن، ۱۰ مئی پانچ عرب حکومتوں کے نمائندوں نے آج ولایات متحدہ امریکہ کے ایکٹنگ سکرٹری آف اسٹیٹ مسٹر اکین کے پاس امریکی برطانوی تحقیقاتی کمیشن کی سفارشات پر احتجاجی نوٹ بھیجا ہے۔

مسٹر اکین نے بیان کیا کہ حکومت برطانیہ اور امریکہ کمیٹی کی سفارشات پر عرب اور یہودی نمائندوں کا ردِ عمل معلوم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ (اسٹار)

روس کی تائید

قاہرہ، ۹ مئی، عربی اخبار المقطم کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ روس نے اس تجویز کی پرزور تائید کی ہے کہ مسئلہ فلسطین کو اقوام متحدہ کے اجلاس میں پیش کیا جائے۔ (اسٹار)

باسمہٖ

روزنامہ

پاسبان

بنگلور

روز یکشنبہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۴۶ء

یوم فلسطین

جمعہ ۱۰ مئی کو سارے عالم اسلام نے اینگلو امریکن تحقیقاتی کمیشن کی سفارشات کے خلاف ساری دنیا میں یوم احتجاج منایا ہے۔ عرب، افریقہ، ہندوستان اور لندن اور دوسرے ممالک سے مسلسل ہڑتال (اسٹرائک) اور احتجاج کی اطلاعات آرہی ہیں، یہ حقیقت ہے کہ سنہ ۱۴ء کی جنگ سے لے کر آج تک برطانیہ نے بے شمار وعدے مسلمانانِ عالم سے کئے ہیں مگر آج سب کو پس پشت ڈالا جا رہا ہے، یہ بات برطانیہ کی رہی سہی ساکھ کو بھی ہمیشہ کے لئے ختم کر دینے والی ہے، آج کسی حکومت اور قوم کے خلاف دنیا میں اتنا غم و غصہ اور ہنگامہ برپا نہیں ہے جتنا ہر جگہ ہر ملک اور ہر علاقے میں برطانیہ کے خلاف غم و غصہ ہے اور شدید مخالفت کی آگ بھڑک رہی ہے، اگر دنیا میں امن و انصاف قائم کرنا ہے تو اس کے لئے یہ حالات یقیناً فال بد ہیں برطانیہ کی موجودہ پالیسی کچھ ایسا رخ اختیار کر رہی ہے جس کے نتائج بدامنی کے سوا اور کچھ نہیں ہیں، یہ بدامنی تازہ عالمگیر جنگ سے کسی طرح اپنے اثرات میں کم نہیں ہوگی۔ انجمن اقوام متحدہ اور وزرائے خارجہ کی کانفرنس کی الجھنیں اور تعطل اس پر مزید ہیں۔ صلح کانفرنس تو خیر سے ابھی باقی ہی ہے جبکہ آخری فیصلے ہوں گے لیکن ظاہر ہے کہ فیصلے آسانی سے ہرگز نہ ہوں گے، اگر خلش باقی رہ گئی، تو مختلف کمزور قوموں اور ممالک کی بے چینیاں اس خلش کی آگ پر تیل کا کام کریں گی۔ ہوس ملک گیری و ہوس اقتدار انہیں ضرور استعمال کرنے کی کوشش کرے گی۔ عرب جس طرح ترکوں سے کٹ کر انگریزوں سے جا ملے تھے، اب انگریز ان کے دل پر زخم لگا رہے ہیں تو کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کس سے جا ملیں گے۔ جس کا نتیجہ یقیناً بہت ہولناک ہوگا۔ مشرق وسطیٰ اپنے محل وقوع اور مرکز سیاست کی حیثیت سے ایسا اہم مقام ہے کہ وہاں اگر کوئی آگ بھڑکی تو بحر روم کی موجیں اسے ہرگز بجھانے پر قادر نہ ہو سکیں گی۔

کل ساری دنیا میں اور بالخصوص ہندوستان میں ایک ہلکا سا مظاہرہ مسلمانوں نے کیا ہے، اس مظاہرہ میں یقیناً لاکھوں بلکہ کروڑوں روپیوں کی قربانیاں دی گئی ہیں اور بڑے پرجوش طور پر مسلمانوں نے اپنے مذہبی و قومی و اسلامی فرائض کا حق ادا کیا ہے۔ انہیں یہ حدیث یاد ہے کہ

اخرجوا الیہود و النصاریٰ من جزیرۃ العرب

(یہودیوں اور نصاریٰ کو جزیرۂ عرب سے نکال دیا جائے) اسلام کا مقدس فرمان ہے اور خود قدرت نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ضربت علیہم الذلۃ والمسکنۃ (یہودیوں پر ہمیشہ کے لئے ذلت و مسکنت کی مہر لگا دی گئی ہے) امریکہ و برطانیہ عیسائی حکومتیں ہیں اور عیسائیت ان یہودیوں کی کسی حیثیت سے بھی حامی نہیں ہو سکتی تھی جنہوں نے عیسائیوں کے خدا کو بے تکلف سولی پر چڑھا دیا۔ بائبل یہودیوں کی مذمت سے لبریز ہے، مگر آج نصاریٰ کی کوششیں ہیں کہ یہودیوں کو فلسطین میں بسایا جائے۔ فلسطین جزیرۂ عرب میں داخل ہے اور مقدس ہے، ایسی صورت میں مسلمانانِ عالم جن میں مسلمانانِ ہند بھی داخل ہیں کیونکر اسلام کے مذہبی فرمودات کی پامالی کو برداشت کر سکیں گے۔ یہ ہی کہ انگریزوں کی سیاست فلسطین پر اپنے اقتدار کی خواہاں ہے، مگر اس کی خاطر مسلمان اپنے اسلام کو تو ہرگز قربان نہیں کریں گے، مسئلۂ فلسطین عربوں کا قومی، اسلامی، مذہبی، اقتصادی، اور بنیادی مسئلہ ہے، برطانیہ کے لئے عرب دوست بن کر جس قدر مفید ثابت ہو سکتے ہیں دشمن بن کر اس سے بھی زیادہ تباہ کن ثابت ہوں گے۔ آج ناممکن ہے کہ کوئی حکومت زبردستی کسی قوم کو اپنے ماتحت رکھ کر خود سلامت رہ سکے۔ یہی وہ بے چینی اور اضطراب ہے جس میں مدبرین وقت اور سیاست دان قومیں اور حکومتیں اپنے حرص و آز کے داؤ پیچ استعمال کرتی ہیں، پھر کیا تعجب ہے اگر روس یا کوئی دوسری قوم و حکومت اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے، اگر ایسا ہوا تو یہ نہ صرف امریکہ و برطانیہ کی تباہی کا سبب ہوگا، بلکہ ساری دنیا ایک مرتبہ پھر بربادیوں کی لپیٹ میں آجائے گی۔ خیر اسی میں ہے کہ برطانیہ ان حقائق کی طرف ایماندارانہ طور پر متوجہ ہو کر اپنے وہ تمام وعدے پورے کرے جو عربوں سے خصوصاً اور مسلمانانِ عالم سے عموماً سنہ ۱۴ء سے آج تک برابر کئے جاتے رہے ہیں اور ان بے شمار کمیشنوں کی سفارشات اور آراء پر غور کرے جو پچیس سال کے دوران میں بار بار فلسطین سے گئے اور عربوں کے حق و حمایت کو تسلیم کئے بغیر ان کے لئے کوئی چارہ نہیں رہا حتیٰ کہ مسٹر مانٹیگو وائسرائے ہند نے بھی باوجود یہودی ہونے کے اعلان بالفور کی مذمت کی تھی اور کہا تھا کہ "ہم نے محمد علی کو اسی لئے تو گرفتار کیا تھا کہ ان کے متعلق "اتحاد اسلامی" کا الزام رکھا گیا تھا آج "اتحاد یہودیت" ہم خود کرنا چاہتے ہیں، حالانکہ یہودی قومیت کا کہیں وجود دنیا میں نہیں ہے اور فلسطین میں یہودیوں کو لا کر بسانے کے معنے اس کے سوا اور کچھ نہیں ہیں کہ بحر روم کے کنارے جرمن یہودیوں کا ایک مرکز تیار ہو جائے۔"

پس برطانیہ اگر واقعی دیوالیہ نہیں ہو گیا اور اس کے تدبر میں کچھ بھی جان باقی ہے تو ان تمام صورت حال کو سمجھ کر اسے فلسطین کی آزادی فوراً تسلیم کر لینی چاہئے تاکہ دنیا میں امن قائم ہو۔

نئی جنگ کے نمودار
سامان ہیں نئی جنگ صلیبی
خنجر بکف اٹھے ہیں عرب فلسطین
کھٹکے ہیں جس سے یہود و نصاریٰ
ہے ناک میں اس کی دم گرداب فلسطین

مولانا ظفر علی خاں

بعض صوبائی حکومتیں تقسیم غذا میں بے انصافیاں کر رہی ہیں

نواب زادہ کا بیان

شملہ ۱۰ مئی۔ نواب زادہ لیاقت علی خاں نے بیان دیا ہے کہ اطلاعات آ رہی ہیں کہ صوبہ سرحد میں اور ہندوستان کے دوسرے حصوں میں صوبائی حکومتیں لوگوں میں منصفانہ طور پر زندگی کی ضروریات تقسیم نہیں کر رہی ہیں۔ مجھے توقع ہے کہ یہ حکومتیں اور ان کے ذمہ دار حکام اس قسم کے طریقہ کار سے باز آ جائیں گے ورنہ ان علاقوں میں مسلم لیگ کی طرف سے مسئلہ غذا میں ان کو تائید و تعاون حاصل ہونا دشوار ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ بعض صوبائی حکومتیں تقسیم غذا میں پارٹی بندی کے نامناسب جذبات سے کام لے رہی ہیں۔ (اے پی)

جنوبی افریقہ میں امتیازی سلوک

لندن ۱۰ مئی۔ آج لندن میں جنوبی افریقہ کی انڈین کانگریس کے ایک ممبر نے جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کے ساتھ بیحد امتیازی سلوک پر تقریر کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسکولوں اور یونیورسٹی میں بھی اس تبعیض و تفریق کا شکار ہو رہے ہیں حالانکہ یہ نظریہ اقوام متحدہ کے منافی ہے۔ (رائٹر)

جنوبی افریقہ کے خلاف اعلان جنگ

ڈاکٹر کھرے ممبر کامن ولتھ ریلیشنز (حکومت ہند) نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اگر جنوبی افریقہ نے ہندوستانیوں کے خلاف اپنی پالیسی جاری رکھی تو امید ہے کہ قومی حکومت جنوبی افریقہ کے خلاف اعلان جنگ کر دیگی۔ انہوں نے انڈین کونسل آف ورلڈ آفیرز میں تقریر کرتے ہوئے کہا اگر یو این او میں یہ سکہ نا کام رہا تو ہندوستان کے لئے اپنی عزت و وقار کی حفاظت کی ایک ہی صورت رہ جائے گی جو حقیقتہً اعلان جنگ کی صورت ہوگی۔ (اے پی)

سکھ اسٹیٹ کانفرنس

لاہور ۸ مئی۔ "سکھ اسٹیٹ" کانفرنس ۱۰ اور ۱۱ جون کو امرتسر میں منعقد ہو رہی ہے گیانی کرتار سنگھ صدارت کریں گے۔ ماسٹر تارا سنگھ سردار بلدیو سنگھ (وزیر پنجاب) اور دوسرے سکھ ایم، ایل، اے شریک ہوں گے اور اہم بحثیں اور فیصلے کئے جائیں گے۔ (اے اور این ٹی)

فسادات بمبئی کے نقصانات کا تخمینہ

بمبئی ۱۱ مئی۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کو یہ معلوم ہوا ہے کہ بمبئی کے فسادات کے نقصانات کا تخمینہ جہاں تک کیا گیا ہے کوئی ستر لاکھ روپے ہوتے ہیں۔ بمبئی کی حکومت نے مسٹر اوسکر براؤن پریسیڈنسی مجسٹریٹ کو متعین کیا ہے۔ کہ شہریوں کی درخواستیں اور دعوے حاصل کرو۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے صبح و شام کا سارا وقت انہیں صرف کرنا پڑے گا۔

(اے پی)

اتحادی وزرائے خارجہ کا اجلاس

مقبوضہ ممالک کی تقسیم پر کش مکش

آج صبح چار بڑے ممالک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس مسٹر برنس کے اس مشورہ پر کہ صلح کانفرنس ۱۵ جون کو منعقد کی جائے کسی فیصلہ پر پہنچے بغیر ملتوی ہو گئی۔ وزیر پھر کل غیر رسمی ملاقات کرنے پر راضی ہو گئے۔ آج صبح کے اجلاس میں وزیروں نے مسٹر بیون کی اس تجویز پر غور و خوض کیا کہ معاہدات صلح کا پہلا مسودہ صلح کانفرنس میں پیش کیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ موسیو مولوٹوف نے کہا کہ یہ بات ضروری ہے کہ ہم اس کے متعلق متفق الرائے ہو جائیں۔ مسٹر برنس نے کہا کہ یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم نے دنیا سے جو وعدہ کیا تھا اس کے مطابق صلح کانفرنس کی تاریخ مقرر کریں۔ آج وزرائے خارجہ نے تعطل سے ایک اور اقدام آگے بڑھایا جب انہوں نے مسٹر بیون کے مشورے پر کہ اطالوی معاہدہ صلح پر پھر بحث کی جائے۔ غور کیا۔ بحث و تمحیص کے اہم نکات یہ ہیں۔ موسیو مالوٹوف نے کہا کہ اگر ٹریسٹ یوگوسلاویہ کو دے دیا گیا تو روس رعایتاً ٹریسٹ لیانیہ کی تولیت پر اصرار نہ کرے گا۔ مسٹر بیون نے کہا کہ سری نائیکا کو دوبارہ فتح کرنے میں برطانیہ نے قربانیاں کیں اس لئے اس کو برطانیہ کے زیر تولیت رکھا جائے۔ برطانیہ، فرانس اور امریکہ کے خیال میں ٹریسٹ کو اطالیہ کے سپرد کیا جانا چاہیے۔ (رائٹر)

قیام امن کیلئے مجلس تحفظ پر انحصار نہیں کیا جا سکتا

آسٹریلیا کے وزیر اعظم کا بیان

لندن ۱۰ مئی۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایوٹ نے کہا کہ میرے خیال میں بین الاقوامی معاملات میں برطانوی دول مشترکہ کو ایک خاص خدمت انجام دینی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو اقوام متحدہ کی بلا پس و پیش تائید کرنی چاہیے لیکن ساتھ ہی جو ویٹو انجمن تحفظ کو حاصل ہے اس سے ممکن ہے کہ کوئی بڑی طاقت کونسل کی کارروائی میں روڑہ اٹکا دے۔ لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ جملہ آوری کے انسداد کے لئے ہم انجمن تحفظ پر کامل انحصار نہیں کر سکتے اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہم دول مشترکہ کے دفاعی انتظام کا ہمیشہ خیال کرتے رہیں۔ (رائٹر)

حکومت اسپین اور مجلس تحفظ

نیویارک ۱۰ مئی۔ انجمن تحفظ کی سب کمیٹی نے جو فرانکو حکومت کے خلاف الزامات کی چھان بین کر رہی ہے۔ برطانوی حکومت سے دریافت کیا ہے کہ دوران جنگ میں جرمن آبدوز کشتیوں کی تازہ ترین پوزیشن کیا تھی۔ سب کمیٹی نے ہسپانوی بلو ڈویژن کے متعلق بھی جس نے دوران جنگ میں جرمنوں کے ساتھ مل کر جنگ کی۔ روسی حکومت سے سوالات کئے ہیں۔ (رائٹر)

مختصر خبریں

جنوبی آفریقہ کی پارلیمنٹ کی طرف سے مقرر کردہ سب کمیٹی اس بات کی تحقیقات کرے گی کہ آیا جنوبی افریقہ کی پارلیمنٹ کے حزب الاختلاف کے لیڈر ڈاکٹر مالانی نے دوران جنگ میں دشمن کے ایجنٹوں سے کوئی ساز باز کر رکھی تھی؟

جنگی مجرموں کے مقدمہ نورمبرگ میں بیان دیتے ہوئے اڈمرل ڈونٹز نے اس بات کی تردید کی کہ اس کے نام کسی بیرونی ملک پر حملہ چڑھائی کے لئے تیاریاں کرنے کے احکام جاری کئے گئے تھے اڈمرل ڈونٹز نے کہا کہ البتہ ۱۹۲۸ء میں فرانس کے ممکنہ محاذ کے پیش نظر جنگی نمائش اور مظاہرے ہوئے تھے۔

جنوبی افریقہ کی سینیٹ کے دیسی نمائندے نے حزب الاختلاف کے لیڈر کو دعوت دی ہے کہ وہ ہندوستانیوں کے خلاف اراضی اور نمائندگی کے مسودہ قانون کو مسترد کرنے میں ان کے ساتھ تعاون کریں۔

نوآبادیات کے سکرٹری مسٹر جارج ہال نے دارالعوام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ برطانوی دول مشترکہ وزرائے اعظم کی کانفرنس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ جنوب مشرقی ایشیا اور جنوب مغربی ایشیا کے اقتصادی ترقی و بہبود کے مسائل میں اشتراک و تعاون کیا جائے۔

جرمنی پر روس کی فتح کے پہلے جشن سالگرہ کے موقع پر جنرل اسٹالین نے ہدایت کی ہے کہ ماسکو اور روس کے دیگر تمام شہروں میں تیس توپوں کی سلامی دی جائے۔

دنیا کے قحط زدہ علاقوں کا دورہ کرنے کے بعد صدر ٹرومین کے غذائی تحقیقاتی افسر مسٹر ہوور اب امریکہ واپس آ گئے ہیں

برطانوی محکمہ ڈاک ہوائی جہاز کا استعمال کر رہا ہے۔ دو ہزار میل ڈاک دے جائے گا۔ اس کی معمولی رفتار فی گھنٹہ پانچ سو میل ہوگی۔ یہ ہوائی جہاز نیویارک کو ۵ گھنٹوں میں کلکتہ ۱۲ گھنٹہ میں اور سڈنی ۲۴ گھنٹوں میں پہنچے گا۔

برطانوی سمندر پار ہوائی سروس برطانیہ اور آسٹریلیا کے درمیان ایک اور ہفتہ وار ہوائی سروس قائم کر رہی ہے۔ یہ سفر اڑن کشتیوں میں ہوگا۔ ہر ہفتہ دو بار سروس ہوگی اور یہ ہوائی جہاز موجودہ ۸½ دن کے بجائے ۵½ دن میں آسٹریلیا پہنچیں گے۔

پاسبان میں اشتہار دیکر تجارت کو فروغ دیجئے

فلسطین کبھی یہودیوں کا وطن نہیں بن سکتا

برطانیہ کو چاہیئے کہ وہ اپنے مواعید کا احترام کرے

بنگلور میں ہڑتال اور عظیم الشان جلسہ

بنگلور ۱۱ مئی۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے اعلان پر لبیک کہتے ہوئے مسلمانانِ بنگلور نے کل شاندار پیمانہ پر یوم فلسطین منایا مسلمانوں نے مکمل ہڑتال کی اور دن بھر سارے کاروبار کو بند رکھا گوشت کے دونوں مارکیٹ اور سبزیوں کی دوکانیں اور دیگر تمام علاقوں کی دوکانیں بند رہیں حتیٰ کہ جھٹکہ گاڑیوں اور ٹیکسیوں نے بھی ہڑتال کردی اور اپنے اسلامی جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ مسلم نیشنل گارڈ کے دستے شہر میں گشت لگاتے رہے۔

سہ پہر کے ۳½ بجے مسجد اعظم میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس کی صدارت جناب مولوی مودی عبدالغفور صاحب رئیس اعظم بنگلور نے فرمائی۔ مسجد کا وسیع صحن فرزندانِ توحید سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا اور سڑک پر بھی ایک بے پناہ ہجوم جگہ کی تنگی کے باعث کھڑا تھا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت آیات قرآنی سے ہوا۔ جناب مولوی سید حبیب اللہ صاحب استانبولی نے تلاوت کی اور موزوں نظم سنائی۔ لاؤڈ اسپیکر کی ساری فضا گونج رہی ہے۔

مولوی مودی عبدالغفور صاحب جناب مولوی مودی عبدالغفور صاحب نے مسلمانانِ بنگلور کو مبارکباد دی کہ انہوں نے شہر میں مکمل ہڑتال کرکے اپنی حمیت دینی کا زبردست مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے نو سال کے دوران میں قائد اعظم نے کبھی ہڑتال کا حکم نہیں دیا تھا لیکن اب صورت حال نے ایک خاص اہمیت حاصل کرلی ہے اس لئے ہڑتال کا حکم دیا گیا۔ بنگلور نے جس طریقہ پر ہڑتال منائی اس سے ظاہر ہے کہ مسلمان اپنے قائد اعظم کے ایک اشارہ پر بڑی سے بڑی قربانی کرنے کے لئے تیار ہیں۔

اینگلو امریکن تحقیقاتی کمیشن کی سفارشات پر تبصرہ کرتے ہوئے مودی صاحب نے فرمایا کہ مجھے شک ہے کہ آیا برطانیہ سچ مچ ان سفارشات کو نافذ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ برطانیہ کئی معاملات میں امریکہ کے دباؤ میں ہے اور امریکہ کا یہ اصرار رہا ہے کہ یہودیوں کو فلسطین میں بسایا جائے۔ برطانیہ نے تحقیقاتی کمیشن کا ڈھونگ رچا کر امریکہ کو بھی اس میں شریک کرلیا ہے۔ برطانیہ کو معلوم ہے کہ مسلمانوں کی اکثریت اسی کی مملکت میں ہے اور اگر یہودیوں کو فلسطین میں بسانے کی کوشش کی گئی تو سارے مسلمان اس کے خلاف احتجاج کریں گے۔ اب امریکہ کی آنکھوں پر سے بھی حجاب دور ہوجائے گا کہ تحقیقاتی کمیشن کی سفارشات کا نافذ کرنا کس قدر مشکل ہے۔ آج ساری دنیا کے مسلمان احتجاج کر رہے ہیں اور رائے عامہ اس کے خلاف ہے۔ اختتام پر مودی صاحب نے اعلان کیا کہ فلسطین کبھی یہودیوں کا وطن نہیں بن سکتا۔

مولانا حسن مثنیٰ ندوی مولانا حسن مثنیٰ صاحب نے برطانیہ کی قابل نفرت سیاست کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عربوں کے خلیفۃ المسلمین کے خلاف بغاوت کروائی اور شریف حسین سے ۱۹۱۵ء میں معاہدہ کیا کہ عرب ممالک آزاد ہوں گے اور دوسری جنگ ۱۹۱۶ء میں فرانس سے خفیہ معاہدہ کیا کہ عراق فلسطین برطانیہ کے ماتحت رہے گا، شام و لبنان فرانس کو دیا جائے گا، پھر ۱۹۱۷ء میں ڈاکٹر وائزمین (یہودی لیڈر) سے وعدہ کیا کہ فلسطین کو یہودیوں کا قومی وطن بنایا جائے گا۔ جنگ کے دوران میں اور خاتمے پر مسلمانانِ ہند کو زبانیں دیں کہ مقامات مقدسہ محفوظ رہیں گے، مگر اس وقت سے لے کر آج تک برطانوی سیاست کی تاریخ وعدہ خلافیوں اور بدعہدیوں کی نفرت انگیز تاریخ ہے، آج وہ رسوائے عالم منحوس تحقیقاتی کمیشن کے نام سے فلسطین میں اپنی شہنشاہیت کی جڑ مضبوط کرنی چاہتے ہیں کیونکہ مصری قوم نے ان کو مجبور کردیا ہے کہ سرزمین مصر کو اپنے وجود سے پاک کردیں لیکن نہر سوئز انگریزی اقتدار کے لئے ریڑھ کی ہڈی ہے، نہر سوئز اور اسکندریہ سے نکل کر کوئی دوسری جگہ فلسطین کے سوا اور کون ہے جہاں سے بیٹھ کر وہ بحر روم پر اور ہندوستان، یورپ اور مشرقی ممالک پر تسلط رکھیں، فلسطین کی مقدس سرزمین انبیاء و صحابہ اور بزرگوں کی سرزمین ہے اور ساری دنیا کے مسلمانوں کا مرکز عقیدت ہے۔ انگریزوں کا اقتدار ہرگز برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ تم قابل مبارکباد ہو، آج تم نے ہڑتال کی، دوکانیں بند کیں، ممکن ہے کہ ایک وقت آجائے جب زندگی کی دکانیں بند کرنی پڑیں۔

محمد علی کمال جناب محمد علی صاحب کمال نے کہا کہ اب برطانیہ کی ساری ہیبت و عظمت اور وقار جاتا رہا ہے۔ اب وہ زمانہ گیا جبکہ یہ ساری قومیں ان سے مرعوب رہتی تھیں۔ اب یہ حال ہے کہ ساری دنیا کی قومیں ان کی شاطرانہ چالوں اور پالیسیوں سے متنفر ہیں، آج یہ حال ہے کہ تمام چھوٹی چھوٹی اقوام ان کا ساتھ چھوڑ رہی ہیں اور روس سے وابستہ ہونے لگی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ روس انکا دشمن ہے اور سب اپنے دشمن کے دشمن کو دوست سمجھتے ہیں۔

نام نہاد تحقیقاتی کمیشن کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کمیٹی کی سفارشات کیا ہونے والی تھیں اس کا سب کو پہلے ہی سے علم تھا۔ امریکہ کے یہود نواز صدر ٹرومن نے پہلے ہی سے کہدیا تھا کہ فلسطین میں فوراً ایک لاکھ یہودیوں کو آباد کیا جائے اور اصل صدر ٹرومن کے خیالات اور تجاویز ہی کو کمیشن نے اپنی سفارشات کی شکل میں پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور برطانیہ ان شاطرانہ چالوں سے باز رہیں۔

جناب عبدالعزیز صدیقی صاحب جناب عبدالعزیز صدیقی نے ذیل کی قرارداد پیش کی:۔

"بنگلور کورگ صوبائی مسلم لیگ کے زیر اہتمام منعقدہ مسلمانوں کا یہ جلسۂ عام فلسطین کے متعلق امریکی برطانوی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات کو برطانیہ کے اُن مواعید سے جو اس نے عربوں سے کئے تھے کھلا انحراف تصور کرتا ہے اور مسٹر ایٹلی وزیر اعظم برطانیہ کی اس درخواست کی جس میں انہوں نے ان سفارشات کے نفاذ کے لئے حکومت امریکہ کی مالی اور فوجی امداد طلب کی ہے سخت مذمت کرتا ہے اور اس کو خود عربوں کے وطن میں انہیں غلام بنانے اور ارض مقدس کو سرمایہ استعمار اور ملوکیت پرستی کی سازشوں اور منصوبوں کی آماجگاہ بنانے کی کوشش تصور کرتا ہے۔ نیز یہ جلسہ حکومت برطانیہ اور امریکہ کو متنبہ کرتا ہے کہ نہ صرف فلسطین کے عرب بلکہ ساری دنیائے اسلام ہر ممکن ذریعہ سے ان تجاویز کے نفاذ کا مقابلہ کرے گی اور برطانیہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنے وعدوں کا احترام کرتے ہوئے فلسطینی عربوں کے مطالبۂ آزادی کو تسلیم کرلے۔"

جناب غازی صاحب جناب چودھری محمد مصطفےٰ صاحب غازی نے اپنی پرجوش تائیدی تقریر میں کہا کہ آج یہ مسیحی بھیڑیں مسلمانوں سے انتقام لے رہی ہیں اور یہ سمجھ رہی ہیں کہ مسیحیوں کی جو تمنا صدیوں تک پوری نہ ہوسکی وہ آج پوری ہوجائے گی۔ اس لئے کہ سلطان صلاح الدین جنت میں محو خواب ہے؟ اگر وہ ایسا سمجھتے ہیں تو دھوکے میں ہیں اور بھولتے ہیں کہ ارض مقدس کے ساتھ کھیلنے کی یہ کوشش ان کی ہلاکت و بربادی و تباہی کا پیش خیمہ ہے، امریکہ و برطانیہ کو ناز ہے کہ ان کے پاس مہلک آلات حرب اور ایٹم بم ہیں، لیکن انہوں نے یہ فراموش کردیا ہے کہ مسلمانوں کے پاس ایٹم بم کا خالق اور اس دنیا کا خالق بھی موجود ہے، سائنس نے ان کے دماغوں پر پردہ ڈال دیا ہے۔ شاید انہیں نہیں معلوم کہ کعبے کو ڈھانے والی فوج ابرہہ کو چند ابابیلوں نے فنا کردیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ "مسلمانو تمہیں اپنی حفاظت کے لئے جان کی بازی لگانی پڑے گی لیکن کیا بدقسمتی ہے کہ تمہارے اندر "کاسۂ لیسیان ازلی" پیدا ہوجاتے ہیں۔ کسی مجاہد نے "ڈان" میں ایک آواز اٹھائی تو بعض بزدل تلملا رہے ہیں اور "نمکخواری و وفاداری" کے بیانات دے رہے ہیں مگر شکر ہے کہ تمام مسلمان ایسے نہیں ہیں، تمہیں اپنی خوبیاں حالانکہ ہمارے خاندانوں کے جسم کے حصے حصے میں سلطان شہید کا نمک رچا ہوا ہے، مگر شکر ہے کہ تمام مسلمان بزدل نہیں ہیں"

اس کے بعد انہوں نے تجویز کی تائید کی اور تجویز بالاتفاق نعرہ ہائے تکبیر کے ساتھ منظور ہوئی۔

آخر میں جنرل سکرٹری صوبہ مسلم لیگ نے تمام حاضرین اور مسلمانانِ معسکر کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ہڑتال کو کامیاب بنایا۔

عرب لیگ کونسل کا اجلاس

یروشلم ۹ مئی۔ عرب لیگ کے سکرٹری جنرل عظام بے نے فلسطین عرب ہائر کمیٹی کے صدر سید جمال الدین حسینی کو دعوت دی کہ وہ عرب لیگ کونسل کے اجلاس میں جو مسئلہ فلسطین پر غور کرنے کے لئے ۱۸ مئی کو دمشق میں منعقد ہونے والا ہے، شرکت فرمائیں۔

صدر جمہوریت شام کا اعلان

صدر جمہوریت شام شکری القوتلی نے سید جمال الدین حسینی کے نام ایک برقیہ میں لکھا ہے کہ وہ فلسطین کے مسئلہ میں ذاتی دلچسپی لیں گے۔ حکومت شام اور عوام فلسطین کے عربوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے ہر ممکن طریقہ کار اختیار کریں گے۔ (رائٹر)

لنکا میں مردم شماری

نئے آئین کی تیاری

لندن یکم مئی ۔ لنکا میں جو مردم شماری ہوئی تھی اسکا پہلا حصہ اب مکمل ہو چکا ہے ۱۹ مارچ کو جو گنتی ہوئی اس سے ظاہر ہوا کہ جہازوں اور فوجی مردوں کے علاوہ وہاں ۶۲۵ ۸۲۵ آدمی آباد ہیں انکے مقابلہ ۱۹۳ میں جو پہلی مردم شماری ہوئی تھی اس سے وہاں کی آبادی ۵ ۳۰۶ ۸۷۱ تھی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس دوران میں آبادی میں ۲۵ فیصدی اضافہ ہوا ہے ۔

باقی گنتی عمارتیں اور زراعت و صنعتی ، علاوہ شمار سب پر جاری ہوگی ۔ دفتر نوآبادیات نے کہا کہ امریکا کا ڈر رکھا جائے کہ چھوٹے چھوٹے کاشتکار اپنی پیداوار میں کتنا حصہ اپنے صرف کیلئے رکھتے ہیں اور کتنا فروخت کر دیتے ہیں انتظامی یونٹوں کی گنتی سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۹۳۱ء کے بعد سے شہری کونسلیں ۱۱ سے بڑھکر ۳۸ اور دیہاتی ۱۵ ۱۷ سے بڑھکر ۵۵ ۲۰ ہو گئی ہیں ۔

یہ مردم شماری فروری اور مارچ کے مہینے میں کی گئی اور اس میں ۳۵ ۰۰۰ افسروں نے سرکاری عمارت دی جائے ۔

اقلیتوں کیلئے تحفظات

اس مردم شماری کو خاص اہمیت حاصل ہے کیونکہ اس میں نئے آئین کے لئے انتخابی حلقوں کی نئی حد بندی کی اجازت دی گئی ہے ۔ جیسا کہ اس آئین میں تجویز کیا گیا تھا جو لنکا کی اسٹیٹ کونسل نے دو سال ہوئے غور و خوض کے لئے تیار کیا تھا ۔ ارادہ یہ ہے کہ تامل اور دوسری اقلیتوں کو کچھ زیادہ حقوق دئے جائیں ۔

آئندہ مجلس قانون ساز کا انتخاب طبقہ وارانہ نہیں بلکہ علاقہ واری بنیاد پر ہوگا ۔ مگر انتخابی حلقوں کی تقسیم ایسی ہوگی کہ مشترک مفادات رکھنے والے ہر طبقہ کو انتخابی حلقہ کی طرح نمائندہ منتخب کرنے کی اجازت ہوگی ۔ چاہے اس علاقے میں تعداد کے عنصر میں کمی بیشی ہی کیوں نہ کرنا پڑے ۔ (سولبری کمیشن)

دہگنے تحفظات کے ساتھ اس سے اقلیتوں کی حالت محفوظ ہو جائیگی ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ایک ایسا آئین جاری رہے گا ۔ جس کی بنیاد قومی اور طبقہ واری اتحادی توقع پر ہوگی ۔ ایسا اتحاد جو تمام نسلوں کے باہمی اشتراک عمل پر مبنی ہوگا جلد تر ایسی بنیاد رکھ دیگا جس پر لنکا کے آئندہ حکومت کی تعمیر کی جائے گی ۔ اسٹیٹ کونسل نے تجویز نئے آئین کو ۵۱ موافق اور ۳ مخالف رایوں سے قبول کر لیا ۔

مردم شماری نے ایک حد بندی کے کمیشن کے لئے راستہ بنا دیا ہے جو نمائندگی کی اس دوبارہ تقسیم کا تفصیلی خاکہ بنائے گا ۔

سیلون میل نے لکھا ہے کہ اب لنکا کی آبادی یونان ۔ آسٹریا اور آسٹریلیا کے برابر ہے ۔ اور سویڈن سے ذرا کچھ زیادہ ہے ۔

آج جب دنیا کا ہر ملک آزادی کی منزل کی طرف بڑھ رہا ہے ۔ کرد بھی ایک نئے عزم کے ساتھ اٹھے ہیں ۔ بھلا ایسی جیوٹ قوم کی جدوجہد کو کون دبا سکتا ہے ۔

میسور کے لئے فلم سرٹیفکیٹ

حکومت میسور نے ۱۲ مئی سے ایک سال کے اندر ایک فلم سرٹیفکیٹ کمیٹی بنائی ہے جو یہ فیصلہ کریگی کہ ریاست میسور میں کونسے فلم بنائے جا سکتے ہیں ۔ [illegible] اس کے صدر ہونگے ۔

کردستان

کرد بہت دنوں سے غلامی کے بار سے دبے ہوئے ہیں ۔ انکا وطن کسی زمانہ میں ترکی اور ایران میں بٹا ہوا تھا ۱۸۱۴ء کی جنگ کے بعد جب سلطنت ترکی کے کئی ٹکڑے ہوئے تو کردوں کا وطنی علاقہ ایران اور ترکی کے علاوہ عراق اور شام میں بھی بٹ گیا ۔

کردوں کے ساتھ کسی ملک نے اچھا برتاؤ نہیں کیا ۔ بھلا اس قوم کی مصیبتوں کا اندازہ کیجئے جس کے پندرہ لاکھ افراد ترکی کے زیر حکومت تھے لیکن تہ تیغ ہوتے ہوتے اب وہاں انکی تعداد شاید چار لاکھ سے زیادہ نہیں رہی ۔ عراق اور ایران میں وہ ہلاک تو نہیں کئے گئے ۔ لیکن جبر و تشدد انپر ہر جگہ ہوا ۔ کردوں نے ہمیشہ انکے خلاف جدوجہد کی ۔ چنانچہ انکی آزادی کی تحریک بہت پرانی ہے ۔

۱۸۸۰ء میں شیخ عبداللہ اور ۱۹۰۸ء میں ابراہیم بادشاہ کی رہنمائی میں انہوں نے ترکوں کے خلاف بڑی زبردست بغاوت کی تھی ۔ شیخ سعید کی رہنمائی میں وہ پھر ۱۹۲۵ء میں اٹھے مگر ترکوں نے انہیں سختی سے کچل دیا ۔ اور کردوں کے پینتالیس قومی رہنما جن میں شیخ سعید اور ڈاکٹر فواد بھی شامل تھے ۔ پھانسی کے تختے پر چڑھا دئے گئے ۔

عراق میں بھی کردوں نے شیخ محمود برزانجی کی رہنمائی میں کئی بار بغاوتیں کیں آجکل سب سے ممتاز رہنما ملا مصطفےٰ البرزانی ہیں ۔ لیکن یہ سمجھنا چاہئے کہ کرد ان پڑھ اور وحشی لوگ ہیں ۔ جو صرف ہتھیار اٹھانا جانتے ہیں کردوں میں صدیوں کی جدوجہد کی بدولت سیاسی بیداری اور قومی شعور بہت بڑھا ہوا ہے ۔

عراق پارلیمنٹ میں سب سے زیادہ منظم اور ترقی پسند گروہ کردوں کا ہے مشہور مصنف ہنس کوہن کا کہنا ہے کہ عراق کے انتخابوں میں سیاسی بنیاد پر صرف کرد گروہ نے کام کیا ۔ اور اپنی آزادی کے سوال پر ووٹ مانگے ۔ شام میں بھی کرد سیاسی تحریکوں میں پیش پیش ہیں چنانچہ شامی کمیونسٹ پارٹی اب الشیوعی السوری کے صدر خالد بکداش کرد ہیں ۔

صدیوں سے اسی چھوٹی سی قوم نے اپنا شیرازہ منتشر ہو جانے کے باوجود غلامی کے خلاف برابر جدوجہد کی اپنی قومی روایات زندہ رکھیں اور علمی اور فنی ترقی کے مرحلے بھی طے کئے ۔

اطلاعات و نشریات

عظیم الشان قومی و انعامی مشاعرہ

نور جہاں کے بیتاب دل کی دھڑکنیں

دوست

دوسرا ہفتہ

کے پرسوز نغمے میں تال ہنسکر جذب ہو گئی ہیں

اداکار: [illegible] حسن بانو

یوم فلسطین کے موقعہ پر مسلمانان بنگلور کا زبردست احتجاجی مظاہرہ

(غازی)

کیا شمشیر ہلالی میں ذرا خم دیکھکر صلیب چیلنج دے رہی ہے

مسلمانان عالم کی مجبوری سے نہیں دوستی سے فائدہ اٹھاؤ (کمال)

بنگلور ۱۱ مارچ۔ کل ہند مسلم لیگ کے جنرل سکریٹری نواب زادہ لیاقت علی خان صاحب کی ہدایت کے مطابق مسلمانان بنگلور نے بھی ہڑتال منائی۔ بنگلور کی یہ ہڑتال ایک تاریخی حیثیت رکھتی ہے۔ بنگلور کا کوئی مسلمان ایسا نہ ہوگا جس نے اس دن اپنا کاروبار بند نہ کیا ہو۔ گوشت کی تمام دوکانیں، سبزیوں کی دوکانیں، اناج کی دوکانیں اور ہوٹلیں بھی بند تھیں حتیٰ کہ ٹیکسی ڈرائیوروں اور جھٹکا گاڑی بانوں نے بھی کام بند رکھا۔ آزاد پریس اور علماء آزاد نے بھی اپنا کام بند رکھا جسکی وجہ سے اخبار شائع نہ ہوسکا۔ اس ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لئے ضلع مسلم لیگ کے صدر جناب عبدالعزیز صاحب صدیقی صوبہ مسلم لیگ کے خازن جناب عبدالغفار صاحب خلیق۔ جناب محمد عنایت اللہ صاحب ہیکری میونسپل کمشنر اور جناب فضل الرحمٰن صاحب بہت جدوجہد کی۔ لیکن حضرات کے پہنچنے سے قبل اخباری اعلان ہی سے مسلمانوں نے ہڑتال کی تیاریاں شروع کردی تھیں صدر ضلع مسلم لیگ جناب صدیقی صاحب نے ملاقات کے دوران میں فرمایا کہ بنگلور کے مسلمانوں کے اس قومی جذبہ اور جوش و خروش کو دیکھکر مجھے انتہائی مسرت ہوئی ہم جس محلے میں بھی پہنچتے تھے وہاں کے مسلمانوں نے ہمیں خوش آمدید کہا اور فرمایا کہ ہم مسلم لیگ کے ہر حکم کی تعمیل کرنے کیلئے بخوشی آمادہ ہیں۔

جلسہ عام سہ پہر میں ۳ بجے جناب مولوی مودی محمد عبدالمغفور صاحب کی زیر صدارت مسجد اعظم میں جلسہ عام منعقد ہوا۔ جلسے سے قبل مسلم لیگ کے رضاکاروں نے مسلم لیگ کے نعرے لگاتے ہوئے شہر کی عام شاہراہوں کا گشت کیا۔ جلسہ میں لوگ اس قدر کثیر تعداد میں جمع ہوئے کہ مسجد کے صحن اور مسجد کے سامنے راستہ میں بھی تل دھرنے کی بھی جگہ نہیں تھی۔ تلاوت آیات قرآنی کے بعد صدر جلسہ نے فلسطین کی تاریخ پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی۔ فلسطین کے متعلق انگلو امریکن تحقیقاتی کمیشن کی سفارش کی مذمت کی جناب حسن شش ... اپنی تقریر میں مسلمانان بنگلور کو مبارکباد دی۔ کہ انہوں نے مسلم لیگ کی آواز پر لبیک کہا اور یہ ثابت کیا کہ آئندہ ضرورت پڑے تو وہ سرفروشی کیلئے بھی تیار ہیں۔ آپنے انگلو امریکی تحقیقاتی کمیٹی کے سفارشات کی سختی کے ساتھ مذمت کی۔

جناب کمال صاحب کی تقریر ... جناب محمد علی کمال نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہم مسلمان دوسری مرتبہ یوم فلسطین منا رہے ہیں لیکن مسلمان نہیں چاہتے کہ ان کے احتجاج صدا بصحرا ہوں ایکطرف وہ احتجاج کرتے اور دوسری طرف امریکہ اور برطانیہ اپنا کام کرنے جائیں انکی آواز رنگ لائیگی اور اگر نہ لائی تو وہ اپنے خون سے رنگین کرینگے آپنے بتایا کہ کس طرح انگلو امریکی کمیشن نے جو سفارشات کی ہیں ان کے ذریعہ ہمیشہ کیلئے عربوں اور یہودیوں کی سرپرستی اور برطانوی فوجوں کی موجودگی کی ضرورت پڑیگی۔ بلکہ امریکی فوجوں کیلئے بھی گنجائش نکل آئیگی آپ نے برطانیہ اور امریکہ کو انتباہ کیا کہ محکوم قوموں کا مجبور تعاون مفید نہیں خطرناک ہے، آزاد قوموں کا رضامندانہ تعاون اور صحیح دوستی حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اور بالخصوص عالم اسلام کی دوستی بڑی مفید ثابت ہوگی۔ اور اگر اوپر تمام حالات کو نظر انداز کرکے غاصبانہ ارادوں کے ساتھ آگے بڑھنے کی کوشش کیگئی تو سارا عالم اسلام مقابلہ کرے گا۔ نیز کہا کہ برطانیہ اور امریکہ کے اس ظلم سے اپنے آپکو بچانے کیلئے عرب قوموں کی طرف دیکھ رہے ہیں کیا اس سے امن متزلزل نہ ہوگا؟ اور کیا اسکی ذمہ داری برطانیہ اور امریکہ پر نہ ہوگی؟

قرارداد جناب عبدالعزیز صاحب صدیقی صدر ضلع مسلم لیگ نے قرارداد پیش کی جس میں کہا گیا ہے کہ برطانیہ نے جو وعدے کئے ہیں ان سے آج کھلا انحراف ہو رہا ہے اور انتباہ کیا گیا کہ اگر فلسطین کو ہوس استعمار اور ملوکیت پرستی کا نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی تو مسلمانان عالم ہر ممکن طریقہ سے مقابلہ کرینگے اس قرارداد کی تائید

غازی صاحب کی تقریر ... کرتے ہوئے جناب چوہدری محمد مصطفےٰ صاحب نے ایک نہایت پرجوش اور ولولہ انگیز تقریر کی جس میں کہا۔ آخر کار وہ عرب ثمنی لعنت انجام ہوکر رہی۔ برطانوی ڈپلومیسی سے جس کی امید تھی وہ آواز فضاؤں میں گونج کر رہی جو صدر ٹرومن کے یہود نواز دل میں چٹکیاں لے رہی تھی، وہ انصاف کش روداد شائع ہوکر رہی۔ جسے مسلمانوں کی سیاست نواز نگاہوں نے پہلے ہی سے تاڑ لیا تھا۔ آج مسئلہ دنیا کی آوارہ اور بے وطن قوم کیلئے صرف وطن بنانے اور مزید ایک لاکھ یہودیوں کو فلسطین میں داخل کرنے کا نہیں ہے بلکہ درحقیقت قوم مسیح امت محمد سے آج صلیبی جنگوں کا انتقام لینا چاہتی ہے۔ شمشیر ہلالی میں ذرا سا خم دیکھکر صلیب آج اسے چیلنج دے رہی ہے۔ افسوس ہے کہ انصاف کے نام پر بے انصافی کے چراغ جلائے جا رہے ہیں۔ اور امن و آزادی کا نام لیکر ہی امن و آزادی کا خون کیا جا رہا ہے۔ مسٹر اٹلی روداد پر عمل کرنے کیلئے امریکہ سے فوجی امداد طلب کر رہے ہیں۔ کیا اس سے یہ مقصد نہیں ہے کہ امریکہ کی تائید حاصل ہو جائے تو امت محمد کے سینوں کو مشین گنوں اور گولیوں کا نشانہ بنایا جائے، یروشلم میں خواتین کا جلوس نکلتا ہے تو برطانیہ کا مسلح دستہ انکی سرکوبی کو نکلتا ہے۔ فلسطین چپے چپے پر مسلمانوں کے خون کی ایجنٹ تک ادا باقی ہے۔ کوئی قوت مسلمانوں کے اس قبلہ اول کو مسلمانوں سے چھین کر دوسروں کے حوالے نہیں کر سکتی ورنہ خاک قدس کو پھر ایک غسل خون کرنا پڑے گا۔

تقریر کے اختتام پر سلطنت خداداد میسور کے متعلق دان میں شائع شدہ یادداشت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا وزارتی وفد ہندستان آیا ہی اسلئے ہے کہ دکھے ہوئے دلوں کی فریاد سنے اور انصاف کرے ہم حکومت میسور سے بغاوت نہیں کر رہے ہیں۔ ہم تو اس وسیع و عریض حکومت کا مطالبہ برطانیہ سے کر رہے ہیں۔ جس کے حصے بخرے کرکے کچھ برطانیہ نے لے لیا کچھ حیدرآباد کو دیدیا گیا۔ اور کچھ مہاراجہ میسور کو۔ اپنا جائز حق مانگنا جرم نہیں ہے لیکن اس کے لئے کیوں بعض لوگوں کا پتہ پانی ہو رہا ہے کیوں بڑھاپا سجدے کر رہا ہے اور کیوں جوانی پیشانی رگڑ رہی ہے (حاضرین سے شرم شرم کے نعرے بلند ہوئے) آپنے مسلمانوں سے اپیل کا حقیقی جذبہ ایمانی اور قوت پیدا کریں۔ ورنہ یہودی تو کیا برطانیہ کے بلڈ ہاؤنڈ اور پی ڈاگ بھی لاکر مسلمانوں کے ملکوں میں بسائے جائینگے۔

MORNING SHOWS AT 10-30 A.M.
STATE EXPRESS
اسٹیٹ ایکسپریس
اپنا کارنامہ
جنیت۔ سردار اختر و دیگر
جمعرات ۸ مئی تا اتوار ۱۲ مئی
ہر صبح ۱۰½ بجے پیپلز امونٹ
KEEP THEM FLYING!
پرواز میں رکھئے

الکلام

یوم شنبہ ۱۴ مئی ۱۹۴۶ء

مسلمانان ریاست میسور کے جذبات وفاداری و عقیدت پر ایک ضرب کاری

کیا اس قسم کی پس پردہ شرارتیں اسلام کے شایان شان ہیں؟

سنا جاتا ہے کہ برطانوی وزارتی وفد کے صدر لارڈ پیتھک لارنس کی خدمت میں مسلمانان میسور کے فرضی نام سے جو یادداشت روانہ کی گئی ہے وہ اخبار ڈان مورخہ ۳ مئی ۱۹۴۶ء میں شائع ہوئی ہے، اس کو ہم نے نہایت رنجیدگی کے ساتھ پڑھا جس میں تاریخی واقعات کو توڑ موڑ کر لایعنی مطالبات درج کئے گئے ہیں۔

اس میمورنڈم کے بغور مطالعہ سے ہم یہ یقین کر سکتے ہیں کہ اس قسم کی کارروائی کوئی سنجیدہ اور باشعور اشخاص کی طرف سے ہرگز نہیں کی گئی۔ بلکہ یہ غیر ذمہ دار اور اشرار کے کرتوت ہیں، چونکہ آل میسور اسٹیٹ مسلم لیگ کی طرف سے جو وفد دہلی روانہ ہوا تھا اس کی واپسی کے بعد یہ میمورنڈم "ڈان" میں شائع ہوا ورنہ اگر اس وفد کی موجودگی میں وہاں شائع ہوتا تو وفد کے جملہ اراکین کی طرف سے اسی وقت نہ صرف "ڈان" بلکہ خود لارڈ پیتھک لارنس کو بھی اس مفروضہ یادداشت کا سراسر لغو اور بے بنیاد ہونا جتلا دیا جاتا۔ ہم اس حقیقت کو واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ آل میسور اسٹیٹ مسلم لیگ کی طرف مجموعی طور پر یا اس وفد کے کسی رکن کی طرف سے انفرادی طور پر کوئی میمورنڈم ہرگز نہیں بھیجا گیا

اس میمورنڈم میں جو جو امور درج ہیں وہ تاریخی طور پر نہ صرف غلط بلکہ صاف ٹھکرا دئے جانے کے قابل ہیں۔ یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہے کہ مہاراجگان ریاست کے ساتھ مسلمانوں کی وفاداری اور عقیدت مندی اور حکومت میسور کے ساتھ ان کا تعاون ضرب المثل رہا ہے اور رہے گا۔ میمورنڈم کا یہ مطالبہ کہ ریاست میسور مسلمانوں کی ہے اور ان کو واپس دی جائے مسلمانان ریاست میسور کے جذبات وفاداری پر ضرب کاری لگا رہا ہے اس قسم کے غیر اصولی مطالبات قابل صد نفرت ہیں جو ایک بیہودہ دماغ کی ہی پیداوار ہو سکتے ہیں۔ اس میمورنڈم میں حقیقی تاریخی واقعات کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس کو کوئی مسلمان پسندیدگی کی نگاہوں سے نہیں دیکھتا بلکہ ریاست میسور کا ہر مسلمان بلا کسی استثنا کے اس میمورنڈم سے ہر طرح نفرت کرتے ہوئے اس قسم کی شرارت اور ناعاقبت اندیشی کو غداری اور مجرمانہ کارروائی تصور کرتا ہے اور وہ دن دور نہیں کہ یہ روپوش اور گمنام اشرار بالضرور اپنے کیفر کردار کو پہنچ جائیں گے اور دودھ کا دودھ پانی کا پانی الگ ہو کر ہز ہائی نس حضور مہاراجہ میسور دام اقبالہ کے وفادار اور عقیدت مند مسلمانوں کو ایک تسکین بھری سانس لینے کا موقع ملے گا

ریاست میسور کی تازہ خبریں

مارکٹ مجلس شوریٰ

مارکٹنگ مجلس شوریٰ کا ایک جلسہ مسٹر ایم اے سرینواس وزیر زراعت کی زیر صدارت ہوا اور ایک قرارداد منظور ہوئی جس میں سفارش کی گئی کہ مارکٹنگ آکٹ دادنگرہ، ارسیکرہ، پٹنور اور چتلدرگ میں بھی فوراً جاری کر دیا جائے۔

مسٹر او۔ پلاروڈی

مسٹر او پلاروڈی وزیر مالیات میسور اور منڈیا کے دورے سے واپس آگئے۔

مالکان ہوٹل کی دیوان صاحب سے ملاقات

بنگلور کے بڑے ہوٹلوں کے مالکوں کا ایک وفد دیوان صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے درخواست کی کہ ہوٹلوں کو کافی اناج سپلائی کیا جائے تاکہ وہ اپنی تجارت کو جاری رکھ سکیں۔ دیوان صاحب نے ان کی درخواست سنی اور جواب میں بیان کیا کہ وہ ہر ممکن مدد دینے کی کوشش کریں گے۔

سٹی میونسپالٹی کے نائب صدر

یہ معلوم ہوا ہے کہ سٹی میونسپالٹی کے نائب صدر مسٹر پی وی راجندر اگپتا ۲۵ مئی کے قبل مستعفی ہو جائیں گے لہٰذا ۲۵ مئی کو میونسپالٹی کا جو جلسہ طلب کیا گیا ہے اس کی ضرورت نہ ہوگی۔

'Al-Kalam' Bangalore
14th May, 1946.

...ss insult to the Loyalty of the Muslims of Mysore State.

We have read with great pain a memorandum alleged to have been submitted to Lord Pathic-Lawrence of the British Cabinet Mission. The memorandum refers to "Mysore Muslims' demands based on their historical position in the State". It has been published in the Dawn as from its Mysore Correspondent.

After a careful perusal of this memorandum we are convinced that this is the work of some mischief mongers and that it cannot be the work of any sane-minded Muslim in the State. It is unfortunate that this should have been published some time after the return of the All Mysore State Muslim League Delegation to Bangalore.

We are in a position to state emphatically that the Mysore State Muslim League Delegation which went to Delhi did not submit any memorandum to Lord Pethic Lawrence or to any other members of the Cabinet Delegation either individually or collectively. Further, we are in a position to emphatically state that the members of the League Delegation were not at all aware of any such memorandum having been presented to the Cabinet Delegation.

Let us now examine the statements made in the alleged memorandum. Without a moment's hesitation we can straight away dispose off the document with utmost contempt as a gross travesty of historical facts. The Muslims of Mysore have always showed staunch allegiance to the Maharajas of this State. The idea that "this is a Muslim State and should be recognised as such by the powers that be", as mentioned in the memorandum is a gross insult to the loyalty of the Muslims of the State and one deserving to be condemned in strong terms. The memorandum while being far from truth is a strange creation of a debased mind totally immoral as to twist historical detail, out of shape, and out of recognition all to gain their shameful argument, Hence, without a slight hesitation we condemned by one and all of Muslims throughout the State the said memorandum to be being

میں اشک ریز نہیں ہوں، ترا فراق بخیر — ان آنکھوں میں ہے ستاروں کی انجمن بیتاب

یہ عندلیب نے کیا کہہ دیا بہ کنجِ چمن — ہیں گل فسردہ و مغموم اور چمن بیتاب

زمانہ آگیا شاید جلالِ یزداں کا — کہ آج کل ہے بہت روحِ اہرمن بیتاب

تمام عمر نہ آئے اسے قرار اخگر

سنے جو کوئی مرا نغمۂ سخن بیتاب

غبار مطلع

عازمین حج بیت اللہ شریف

جن کے نام و پتہ میرے ہاں وصول ہو چکے ہیں ان کی خدمات میں فارم درخواست انشاء اللہ عنقریب روانہ ہوں گے۔ حکومت ہند کے اعلان کا انتظار ہے اس کے ساتھ ہی فارم پہنچیں گے خوشحال حضرات جو حج صد روپیہ زائد خرچ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں ان کے لئے امسال موقع ہے کہ وہ رمضان المبارک سے قبل روانگی کے لئے درخواست میں لکھ دیں اور زیادہ قیام حرمین شریفین کے برکات اور انوار سے مالا مال ہوں۔ اگر زائد رقم خرچ کی گنجائش نہ ہو تو پھر بعد عید الفطر ہی مناسب ہوگا۔ (خان بہادر حاجی) وجیہہ الدین

(یم، بی، ای) پریسیڈنٹ سنٹرل حج

پلگرمس پروٹیکشن لیگ، کشمیری گیٹ دہلی

قاہرہ میں ہنگامہ بیس افراد زخمی

قاہرہ میں ۱۰ مئی کو پولس نے ایک مسجد کے رقبہ میں ایک مجمع کو منتشر کرنے کی کوشش کی جس سے ہنگامہ واقع ہوا۔ بیس افراد زخمی ہوئے جن میں دو پولس والے بھی شامل ہیں۔

مصر میں طلبا۔ مزدور۔ اور مسلم ادارے فلسطینی کمیشن کے خلاف جو عام ہڑتال منا رہے ہیں اس کے دوران میں یہ پہلا حادثہ ہے جو وقوع میں آیا۔

شاہ فاروق کا صدر ٹرومین کو خط

واشنگٹن میں مقیم محمود حسین مصری سفیر نے ۸ مئی کو شاہ فاروق کا ایک خط صدر ٹرومین کے حوالہ کیا ہے محمود حسین نے کہا کہ انہیں علم نہیں کہ اس خط میں کیا لکھا ہوا ہے

۱۳۶۵ھ کے حج بیت اللہ کے اخراجات

عازمین حج بیت اللہ و زائرین روضہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ حکومت حجاز نے سال ۱۳۶۵ھ (الموافق ۱۹۴۶ء) کے حج بیت اللہ کے اخراجات میں ایک معتدبہ تخفیف کا حکم صادر فرمایا ہے (ملاحظہ ہو اخبار "ام القریٰ" مکہ مکرمہ مورخہ ۲۵ جمادی الاول ۱۳۶۵ھ الموافق ۲۶ اپریل ۱۹۴۶ء) جس کا اقتباس مکرمی الحاج سید عمر رازقی صاحب مکہ مکرمہ (وکیل معلم میسور و مدراس) نے بغرض اشاعت روانہ فرمایا ہے۔ اختصار کے ساتھ درج ذیل ہے۔

(۱) حکومت کے ٹیکس، مطوفین کی فیس، خیرات زمزم وغیرہ کے اخراجات کے لئے ہر حاجی سے جملہ (۴۸۶-۸-۰) روپیہ وصول کیا جائے گا

آمد و رفت کے اخراجات کے علاوہ مذکورہ رقم کی ادائیگی کے بعد حاجی اپنی مرضی کے مطابق موٹر کار یا اونٹ پر سفر کر سکتے ہیں۔

(۲) آمد و رفت کے اخراجات (سعودی حدود کے اندر) حسب ذیل ہوں گے اور سواری کا پسند کرنا حاجی کی مرضی پر موقوف ہوگا۔

نام سواری		جدہ مکہ	منیٰ عرفات	مدینہ منورہ
چھوٹی موٹر کار	فی آدمی	۸۰ روپیہ	۱۲۰ روپیہ	۳۲۰ روپیہ
لاری گرمیلی والی نئی	″	۴۰ ″	۶۰	۱۶۰ ″
لاری نئی	″	۲۶-۱۲-۰ ″	۴۰	۱۰۶-۱۲-۰ ″
لاری پرانی	″	۲۰ — ″	۳۳	۸۰ — ″
اونٹ	″	۱۳ —	۲۰	۶۶-۱۲-۰ ″

یادداشت:۔ مذکورہ بالا اخراجات میں ریل اور جہاز کا کرایہ اور بندرگاہ کے اخراجات شامل نہیں ہیں ——— (۳) اگر کوئی عازم حج دیکھے ہوئے حالات معلوم کرنا چاہتے ہیں تو احقر سے مل کر دریافت کر سکتے ہیں ——— المطلع

احقر خادم ملت الحاج حکیم محمد عبد السلام اسلم، دار السلام کوبرن روڈ بنگلور لشکر

مسلمانان گوالیار کی حالت

گوالیار (ذریعہ ڈاک) گوالیار میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ہے ہندو اب بھی مسلمانوں پر برابر حملے کر رہے ہیں۔ گزشتہ حملے میں ہندوؤں نے ایک مسجد مسمار کر دی قرآن پاک جلا دیا آٹھ مسلمان قتل کر دئے گئے [illegible] زخمی پڑے ہیں۔ ہندو افسران پولس نے قاتلوں کو گرفتار نہیں کیا۔ بلکہ مظلوم مسلمانوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ ہندو حکومت مسلم مظلومین کے ساتھ انصاف کرنا نہیں چاہتی ۳ مئی کو ہندوؤں نے ایک مسلح جلوس نکالا اور دلخراش نعرے لگائے یہ سب پولس کی موجودگی اور دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی [illegible] (الخ)

[illegible] ہوئے تو ان [illegible] منتشر ہو گئے [illegible] نام [illegible] کر کے مدین تشریف لے گئے جب آپ نبوت [illegible] مقام پر فائز ہوئے تو مصر میں دوبارہ ورود فرمایا۔ اور فرعون کو پیغام خداوندی سے آگاہ کیا۔ لیکن اس نے روانہ کی اور بنی اسرائیل پر پہلے سے بھی زیادہ ظلم ڈھانا شروع کر دئے۔ چنانچہ پہلے تو انہیں خالی اینٹیں تیار کرنے کا حکم تھا۔ اب ان سے کہا گیا کہ اینٹوں میں بھس بھی شامل کرو۔ اس کے علاوہ اس نے بنی اسرائیل کے بیٹوں کو ذبح کرنا شروع کر دیا تاکہ ان کی نسل نہ بڑھ سکے۔ دراصل بنی اسرائیل کی تعداد روز افزوں تھی۔ لہذا اسے خطرہ تھا کہ کہیں قبطیوں سے ساز باز کر کے اسے مصر سے نہ نکال دیں۔ چنانچہ اس نے قبطیوں کو بنی اسرائیل کے خلاف بھڑکایا۔

فرعون چونکہ ایسے وقت میں ایمان لایا جب توبہ قبول نہ ہو سکتی تھی۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے نہ صرف اس کے بدن کو بچا لیا اور اس کے ایمان کے مطابق اسے نجات دے دی (یعنے اس کی روح کو تو چنداں فائدہ نہ ہوا البتہ اس کے جسم کو بچا گیا) تاکہ دوسروں کو عبرت ہو (فالیوم ننجیک ببدنک لتکون لمن خلفک، آیۃ) فرعون کی نجات بدنی کا ذکر قرآن مجید کے سوا دوسری کتابوں میں نہیں ہے۔ بائبل کے علاوہ تاریخ کی عام کتابیں بھی اس بارے میں خاموش ہیں۔ لیکن چند برس ہوئے جب مجوزہ ثالث کی لاش دستیاب ہوئی ہے اور وہ اب بھی قاہرہ کے عجائب گھر میں محفوظ ہے۔

(حرف و حکایت) . . (میزان)

بغداد گلوب کے نامہ نگار کی اطلاع ہے کہ اگر دریائے فرات کے سیلاب کو پورے طریقہ پر نہ روکا گیا تو کوفہ صفحہ ہستی سے مٹ جائے گا اس وقت تک شہر کا ایک حصہ پانی میں ڈوبا ہوا ہے

[illegible] افریقہ کے عازمین حج کی مشکلات وزیر مالیہ سے مسلم وفد کی ملاقات

[illegible] پٹاون۔ جنوبی افریقہ کی ہندوستانی [illegible] کیپ مسلم جوڈیشل کونسل اور کیپ [illegible] ایشن کے ایک مشترکہ وفد نے [illegible] افریقہ کے وزیر مالیات مسٹر جے، ایف [illegible] سے جو حاجی اور زائرین مکہ معظمہ [illegible] اسلامی مقامات مقدسہ کو جاتے [illegible] لئے طلائی سکے کا انتظام کیا جائے وفد نے مسٹر ہوفمیر پر واضح کیا کہ حج [illegible] پر فرض ہے اور جب کہ جنگ ختم ہو [illegible] اقطاع عالم سے مسلمان آزادی کے [illegible] کے مقدس مقامات کو جائیں گے۔ [illegible] عربستان میں سکہ کے تبادلے میں [illegible] پیش آتی ہیں جہاں صرف سونے [illegible] سکوں کا تبادلہ ہو سکتا ہے سکہ [illegible] قبول کیا جاتا ہے لیکن بہت [illegible] شرح تبادلے پر جس کا انحصار مصر [illegible] میں سونے کی قیمت پر ہوتا ہے

وزیر مالیہ نے افسوس ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وہ حاجیوں کے لئے سکہ طلائی مہیا کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ البتہ وہ سعودی حکومت سے اس بارے میں مراسلت کریں گے تاکہ حاجیوں کے لئے ممکنہ امداد حاصل کر سکیں۔

فلسطین کے بچاؤ کیلئے عراق اور شام میں فوجی بھرتی

بیروت۔ یہودیوں کی مخالف لبنان کی جماعت کے صدر نے ایک بیان میں یہ ظاہر کیا کہ انہوں نے لبنان کے نوجوانوں سے فلسطین کے بچاؤ کے لئے بھرتی ہو جانے کی اپیل کی ہے۔ عراق کی پارلیمان نے بھی فلسطین کے بچاؤ کے لئے ایک خاص فوج بنانے کی تجویز منظور [illegible]

خواہ عام بازار میں ہو یا چور بازار میں۔ ایک حاجی کا اوسط خرچ (اخراجات سفر کے علاوہ) ڈھائی سو پونڈ ہوتا ہے لیکن آج کل یہ خرچ چھے سو پونڈ تک پہنچتا ہے۔

The daily 'Alkalam' of the 14th May 1946

The 'Alkalam' has published a translation in Urdu also of the English article under the heading "Gross insult to the Loyalty of the Muslims of Mysore State", referring to the memorandum alleged to have been presented to the Lord Patrick Lawrence

Submit this for Kind perusal.

Chief Secretary
14/5/46

7875
1. 5 MAY 1946
GOVT. OF MYSORE

Sub. for perusal

Dewan)

15/5/46

OFFICE
16. MAY 1946

17/5/46

154

V. VEDAVYASACHARYA, B.A.
Chief Secretary to Government.

GOVERNMENT OF MYSORE

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT,

Dated Bangalore, ~~2nd~~ 11th April 1947.

153

D. O. No. 4412/C3.

CONFIDENTIAL.

My dear Sir:

I am desired to invite the accompanying reference to your D. O. letter No. G.F.103/46-47 (File No.38) dated 27th July 1946 addressed to Pradhana Siromani Mr. N. Madhava Rao. ~~Dewan,~~ in regard to the prosecution of Syed Najiulla of Channapatna and to forward herewith ~~for submission to His Highness the Maharaja, the accompanying~~ copy of ~~Strictly Confidential~~ (Strictly Confd.) D. O. letter No. F.54/1946 dated 21st March 1947 received from the Residency, for favour of submission to His Highness.

Amatyasiromani
Sir T. Thumboo Chetty, O.B.E.,
Private Secretary to His Highness the Maharaja.

4412
CB

155
154

17th April 7

CONFIDENTIAL.

Dear Sir

I am desired to invite reference to the correspondence ending with your D.O. letter No. G.F.103/46-47 (File No.38) dated 27th July 1946 addressed to Pradhana Siromani Mr. N. Madhava Rau, in regard to the prosecution of Syed Najiulla of Channapatna and to forward herewith copy of letter No. F.54/1946 dated 21st March 1947 received from the Residency for favour of submission to His Highness.

Yours sincerely
11/4/47

Amatyasiromani
Sir T. Thumboo Chetty, O.B.E.,
Private Secretary to His Highness
the Maharaja of Mysore.

Strictly Confidential.
D.O.No.F.54/1946.

Dated, Bangalore, 21st March 1947.

MYSORE

CHIEF SECRETARY'S OFFICE
22 MAR 1947
GOVT. OF MYSORE

CS. Reps

My dear Vedavyasacharya,

Flag Q in CS 13-46-6 (cc 4-46) Flag R

I am desired to refer to your strictly confidential demi-official letter No.4572/CB, dated the 10th June 1946, and my reply No.F.54/1946, dated the 24th June 1946.

2. It is understood from the Hyderabad Residency that H.E.H. the Nizam's Government have written to say that police enquiries reveal that Syed Najiullah and his brother-in-law, Syed Allabaksh, along with Syed Shahabuddin and Syed Ziaullah, both of whom also hail from Channapatna are intimately connected with certain associations called "The Idara-E-Shamshiya", "The Mango Merchants' Association" and "The Muslim Toy Merchants' Association" etc. None of them is in Government service. These persons seem to be opposed to the Mysore State and are likely to carry on propaganda against it in some form or the other.

3. His Exalted Highness's Government state that a close watch is being kept on the activities of all the four persons and future developments, if any, will be communicated to the Mysore Government. The question of taking legal action against these persons for carrying on adverse propaganda against a friendly neighbouring State has also been considered by His Exalted Highness's Government, but there is not sufficient evidence to prosecute them. The persons in question have, however, been warned not to carry on any propaganda against the Mysore State from the Hyderabad State.

Yours sincerely,

N. Ramanayya
(for Major Ramsay).

V. Vedavyasacharya Esq.,
Chief Secretary to the Government of Mysore,
Bangalore.

Some time ago there was a proposal to take action against one Syed Najiullah of Channapatna under Sec 124 A IPC for his seditious publications & other objectionable propaganda against the throne & State. It was dropped for the reasons (Flag W)

The file (CS 13-46-6) in the matter is herewith submitted for this purpose.

(Chief Secy)
24/3/47

Sep 24/3

For perusal with the previous refer (A copy of the Pind letter may be sent to the Pr Sec for submn to HH)

Min Home

CS.

6646/2573

29/3/47

156

157 File No. of 194 41231 General and Revenue Secretariat

Serial No.

Draft I have got the letter to the Pte Secy to H.E. are submitted

(Chief Secy) 2/4/47

Please put up fair copy

Approved

5/4/47

7/4/47

6886 3/4

Returned with the fair copy of the letter

(Chief Secy) 7/4/47

7/4/47

11/4/47

11/4/47

6982 8/4

No 4412/CA dated 11.4.47 to the Pte to H.E.

Sent to file 12/4/47

Notes — 35 Pages.
~~Pages~~ —
Correspondence 22 "
57 Pages